Sir, there is no dearth of laws in this country. The Pakistan Penal Code has always been there, Criminal Procedure Code has always been there, several provincial laws in each province specific and common have been there. Police force has been there. Other law enforcing agencies are recalled to civil aid whenever the civil authority likes. Inspite of that sir, the rate of crime is increasing. It has so many reasons. So many surveys have been conducted about it. So many universities have worked on it when chartered by various agencies of the Government and on their own, so what is the cause of the increase of the crimes in our country and of course, the lack of employment is considered a major reason , major factor of all these. But ,sir, here I would beg of you to pay very special attention and through you to the Government and the Opposition to a certain approach that I am venturing to float before this august House Sir, when we have seen that mere application of force and mere existence of punitive law have not been able to deliver the expected results , why have we not considered , and I am taking of course , again help, broad help from Senator Jamali's suggestion. Why have we not considered the desirability of a minimum agreement on the question of law and order, a minimum agreement between the various classes, I mean various parties, major parties of the country , of the province and of the city and the town concerned? There are several influencial

factors including political parties from village to the town ,to the city , to the metropolitan Sir, who all the time oppose each other, even when a question like the question of law and order is involved. They like to abuse each other, they like to accuse each other, they like to blame each other. When they are in the Government, they deny the blame, they deny the law and order situation which requires the greater attention, and say ,"No, no everything is all-right". When they are in the Opposition ,they say, "All the situation is very bad."

The question is that in this process many lives are lost, many wounds are found, many children are spoiled and destroyed , so much property is spoiled and destroyed and taken away. Why cannot they think as citizens of Pakistan, whose obligation is to help each other in the maintenance of law and order and here Sir, I come to the question on the proposition of voluntary cooperation between the political parties on some minimum issues, such as we, for example , go and offer prayer in mosque, tell me do , we go there as Opposition and Government or vice versa? We do so in many other things that we go to weddings, we go to receptions, we do not oppose each other, we do not debate on these issues, we agree that such and such is a friend and we should go to his party or to his wedding or to his children's wedding and of course, there is God and we should go to pray before God, so we do all that. Why cannot a question like law and order, like the defence of our country, is not even next to defence, just as important as defence . Sir, why cannot we agree that in every big town atleast in every sizeable town , in city, we should have citizens' committees consisting of effective members from all parties there, all important parties who will establish "mohalla committees", who will establish other committees to watch in the night and in the day through their volunteers and I can assure you that if we call for our volunteers, a very large

number of our youth Sir, both female and male ,will come to serve because they feel it. Why cannot we have such a system because these criminals whether they are locals or they are foreign agents, after all they live somewhere, they live in an apartment or in a house, they come through those buildings through big doors, they come to walk in those streets, the people who are living there know them, I mean they atleast recognize them, such and such person has come last month or last year or he is living there for the past ten years. Why such and such person, a new face, is hiring this house or coming in cars or keeping three cars in defence society and so on. They all know, they can make out by their cooperation with each other, they can lay their hands very successfully. I think about 80% they can successfully lay their hands on a suspect and report on the suspect to the police and all such police force is for everybody to hear ,through the press and directly through an application, through their phone call to the DIG or to report to the Commissioner, to the Governor, to the Chief Minister, everybody if the police is not cooperating. They can go and say such and such person seems to be a suspect, please enquire about it. So you may catch a suspect who is there. So, such committees-- and at some level this thing is happening in Karachi headed by a very eminent person Mr. Jamil Yousaf, I have never met him personally. I have come to know only, I mean he does cooperate with police in certain cases and the results are quite laudable. I mean, at times they really catch the criminals and take them to task and so on but it is not happening in every city. So, sir, if really, we can't come to national integration through our regionalism or through our so many other handicaps, we suffer from, if we can't do at a big scale at least, at this minimum point of law and order, our political parties and our political leaders for the sake of law and order in Pakistan, for the sake of lives of our children, for the sake

of honour of our women, for the sake ofhonour of our old people, for our own lives sake, for the sake of our life and property, why can't sir, our leaders, Prime Minister Nawaz Sharif and Mohtarma Benazir Bhutto and Qazi Hussain Ahmed Sahib and all other great and big leaders and their followers and of course, who are not leaders or not involved in politics but are involved at least, in some social work, why can't they through government channels, they have the resources to collect them, to gather at a small scale and then at a big scale. Why can't we have a nationally integrated plan of establishing law and order through voluntary system collaborating withthe government, that is my main point and that is the approach I want to offer before this august House through you, sir. Sir, there have been instances in history, I won't repeat all of them, I think most of the honourable members of this House know far more than I do, but from time immemorial from the time of lycurgus, the semi mythological, semi Factual lawgiver of Sparta, to Solon of Athens, the lawgiver of Athens, it is about 300 - 400 BC, I am going. And also before them the emperor Hamyrobi, from all those times to now and I will quote another British Viceroy here, William Bantinc, he was in 19th century, during his tenure the north of India was flooded with dacoits, thugs, they were called. Andhe got the collaboration of local people and he is known in the Indian British history --

ڈکیتی کا قلع قمع کر دیا۔

He destroyed the entire roots of the whole thing, the dacoity business otherwise, it were a few years of very, I mean Indian history is full of those events and things. And even you can see in the state of Kerala, if you don't mind a reference to a country who is also hostile to us but we are also sometimes, hostile to it, but we are not hostile to state of Kerala. In the state of Kerala, the crime was reduced in 5 years with education and also other means. Education

goes hand in hand with the reduction of crime, I would like to emphasize upon that. And also, you can quote the Communist government of Bengal, where the crime is possibly the second least in India because they have this system of vigilance through the committees and education. Sir, we are not attending to the education, of course, it is a separate subject and when time comes I am moving a motion in this House asking for the induction of metropolitan governments in large cities of Pakistan where I am going to propose sir, that we should be entitled to test ourselves, to elect our judges, to have our own elected police inspector general and------

(interruption)

Mr. Presiding Officer: Please conclude now.

Dr. Jamil uddin Aali: Sir, I won't even take a minute. Sir, I would only conclude again that alongwith education which is a different big subject, of course, we have to concentrate on that when we talk of law and order and alongwith religious education that is IKHLAQIAT, we have to concentrate sir, and only government can take a greater initiative in that and I am quite sure the Opposition will cooperate and if they don't, they will make a bad name in the country for a very very long time that they should call the important people of this country, for integrated efforts of citizens through Mohalla Committees, Town Committees and mutual cooperations , I am quite sure that if really they considered it seriously, the degree of the law and order, the worsening of the law and order will be reduced sufficiently.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی جناب اکرم شاہ صاحب۔ میرے پاس اب صرف دو نام ہیں۔ ایک شفقت محمود صاحب کا اور ایک اسمٰعیل بلیدی صاحب کا۔ اگر اور صاحبان بولنا

چاہتے ہیں تو اپنا نام دے دیں۔

جناب اکرم شاہ خان: شکریہ جناب چیئرمین۔ جناب چیئرمین! اس میں کوئی شک نہیں کہ اس وقت ملک میں امن و امان کی جو صورتحال ہے وہ انتہائی خطرناک اور تشویشناک ہے۔ جناب چیئرمین! امن و امان کی اس بگڑتی ہوئی صورتحال کی وجہ سے ہمارے پورے ملک میں کاروبار زندگی معطل ہوکر رہ گیا ہے۔ لوگوں کی زندگی عذاب بن کر رہ گئی ہے، کوئی آدمی محفوظ نہیں، کسی کی جان محفوظ نہیں، کسی کا مال محفوظ نہیں، کسی کی عزت محفوظ نہیں۔ جناب چیئرمین! اتنے اہم مسئلے پر افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ کبھی بھی کسی حکومت نے، کسی پارٹی نے اس کے بنیادی اسباب جاننے کی کوشش نہیں کی۔ ہر وقت یہ کہا جاتا ہے کہ پچھلی حکومت، اس سے پچھلی حکومت، اس سے پچھلی حکومت۔ پچھلی حکومت کے دوران میں law and order کا مسئلہ خراب تھا، کوئی کہتا ہے کہ موجودہ حکومت کے وقت میں law and order کی پوزیشن خراب ہے لیکن ساری حالت عوام کے سامنے ہے، ہم سب لوگوں کے سامنے ہے کہ اس ملک میں پچھلے کئی سالوں سے ایک دن بھی امن و امان کی صورتحال بہتر نہیں رہی ہے۔ جناب چیئرمین! جب تک ہم ان اسباب کو ختم نہیں کریں گے، دہشت گردوں کو آپ جتنا ماریں گے، جتنی سزائیں دیں گے، جب تک وہ اسباب ختم نہیں ہوں گے، دہشت گردی اس ملک میں ختم نہیں ہو گی۔

جناب چیئرمین! میرے نزدیک اس ملک کے عوام کی یہ بدقسمتی ہے کہ جب سے یہ ملک بنا ہے ایک دن کے لئے بھی اس ملک کے عوام کو اقتدار میں شریک نہیں کیا گیا۔ یہاں کے عوام کو شراکت اقتدار کا احساس نہیں دلایا گیا۔ یہاں پر ہر وقت مخصوص خاندانوں کی، مخصوص طبقوں کی، مخصوص لوگوں کی حکمرانی رہی ہے۔ جناب چیئرمین! چند مہینے پہلے مسلم لیگ کی حکومت ایک بھاری مینڈیٹ لے کر برسراقتدار آئی لیکن آج اس کی مقبولیت کی جو حالت ہے وہ کسی سے بھی ڈھکی چھپی نہیں ہے۔ مصیبت یہ ہے جناب چیئرمین! کہ اس ملک میں عوام کو یہ احساس نہیں دلایا گیا، کسی حکومت نے یہ کوشش نہیں کی کہ یہ حکومت آپ کی ہے، یہ ملک آپ کا ہے اور انہوں نے عوام میں یہ احساس پیدا ہی نہیں کیا کہ آپ اس ملک کے اقتدار میں شریک ہیں۔ آپ اس ملک کی دولت میں شریک ہیں، آپ اس ملک کی حکومت میں شریک ہیں، آپ حکمران ہیں ہمارے۔ یہاں پر ہر وقت ایک مخصوص گروپ کا، ایک مخصوص ٹولے کا، ایک

مخصوص طبقے کا اقتدار رہا ہے جس کی وجہ یہ ہے کہ ہماری عوام میں شدت سے احساس محرومی ہے۔ وہ نہ اس حکومت کو اپنا سمجھتے ہیں اور اب تو آہستہ آہستہ یہ احساس پیدا ہونے لگا ہے کہ خدا نخواستہ یہ ملک بھی ہمارا ہے یا نہیں۔

جناب چیئرمین! دوسری وجہ میرے نزدیک اس ملک میں بدترین معاشی عدم مساوات ہے۔ یہاں پر چند لوگوں نے اربوں ڈالر خارجی بنکوں میں رکھے ہوئے ہیں اور ہمارے کروڑوں عوام دو وقت کی روٹی کو ترس رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! ایک طرف اربوں ڈالر کے مالک، جن کے فارن بنک میں اکاؤنٹس ہیں اور دوسری طرف سے وہ عوام جو کہ تعلیم سے، علاج سے، مکان سے، زندگی کی ہر قسم کی بنیادی سہولت سے محروم ہیں حتیٰ کہ دو وقت کی روٹی سے بھی محروم ہیں۔ اس معاشی ناہمواری میں، یہاں کے لوگوں کو مجبور کیا اس بات پر۔ جناب چیئرمین! سب لوگوں کو پتہ ہوگا، پریس میں آتا رہا، بار بار آتا رہا ہے، آرٹیکل اس پر لکھے گئے۔ ایک ہفتے پہلے اسلام آباد میں 556 پولیس آسامیوں کے لئے انٹرویو ہونا تھے۔ جس میں چالیس ہزار لوگوں نے حصہ لیا۔ 556 پولیس کے کانسٹیبل کی آسامیوں کے لئے، جس میں ایم اے پاس، بی اے پاس، اعلیٰ تعلیم یافتہ لوگ تھے۔ جناب چیئرمین! پریس میں آیا ہے آپ سب کو پتا ہے کہ وہاں بھی لاٹھی چارج ہوئی، وہاں پر لوگوں کے سر ٹوٹے، وہاں پر آنسو گیس پھینکی گئی، وہاں پر خود لاء اینڈ آرڈر کی situation پیدا ہو گئی۔ جناب چیئرمین! اب آپ اندازہ لگائیں کہ ایک ایم اے پاس، بی اے پاس یہاں Constable کے لئے interview دینے آیا اور وہاں سے سر پھوڑوا کر واپس چلا گیا۔ یہ لوگ کیا کریں گے، کیا کھائیں گے، کہاں جائیں گے۔

تیسری بات میرے نزدیک جناب چیئرمین! ہمارے ملک کی خارجہ پالیسی ہے۔ ہر ملک خارجہ پالسی اپنے عوام کے لئے بناتا ہے، اپنے ملک کے لئے، اپنے عوام کے دوستوں کو دنیا میں دوست جانتا ہے۔ اپنے عوام اپنے ملک کے دشمنوں کو دنیا میں دشمن جانتا ہے لیکن جناب چیئرمین! جب سے یہ ملک بنا ہے یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ ہم نے ہمیشہ خارجہ پالیسی دوسروں کے مفادات کے تحفظ کے لئے بنائی ہے۔ دوسروں کے مفادات کو protect کرنے کے لئے ہم نے اپنی خارجہ پالیسیاں بنائی ہیں اور آج نتیجہ یہ ہے کہ ہم دنیا میں تنہا ہو کر رہ گئے ہیں۔ جناب چیئرمین! میں تفصیل میں نہیں جانا چاہتا۔

آج افغانستان میں طالبان کون ہیں، بی بی سی میں ہر روز آتا ہے، اخباروں میں ہر روز

چھپتا ہے کہ مزار شریف میں جو پکڑے گئے ہیں اس میں سرحدی علاقے کے لوگ تو آپ چھوڑیں، سرگودھا کے اتنے لوگ، سیالکوٹ کے اتنے لوگ، فیصل آباد کے اتنے لوگ آج مزار شریف میں پکڑے گئے ہیں اور یہاں سے لوگ جاتے ہیں۔ ان کے عزیز و اقارب یہاں سے جا کر مزار شریف میں؛ ابھی دو دن پہلے بی بی سی نے بتایا کہ وہاں سے ڈیڑھ سو لوگوں کو چھوڑا گیا ہے۔ جس میں فیصل آباد کے مدرسوں کے لوگ ، جس میں سیالکوٹ کے مدرسوں کے لوگ، جس میں پتا نہیں کہاں کہاں کے لوگ ، سرحدی علاقے کو آپ چھوڑ دیں۔ یہاں سے لوگ جا کر وہاں لڑتے ہیں۔

جناب چیئرمین! یہ فیصل آباد کا آدمی جو کہ مزار میں لڑنے گیا تھا اس نے ٹریننگ کہاں سے حاصل کی، اس کو اسلحہ کہاں سے ملا۔ جناب چیئرمین ! پچھلے 20 سال سے ہم نے جان بوجھ کراپنے ملک کو دہشت گردی کا اڈا بنا رکھا ہے ۔ یہاں پر ساری دنیا سے آئے ہوئے لوگوں کو ہم نے دہشت گردی کی افغانستان کے لئے تربیت دی ۔ آج وہ دہشت گرد ساری دنیا میں پھیلے ہوئے ہیں۔ دنیا میں جہاں پر دہشت گردی ہوتی ہے اور کوئی دہشت گرد پکڑا جاتا ہے جب معلومات حاصل کی جاتی ہیں تو اس کی تربیت پاکستان سے ہوئی ہوتی ہے اور یہ 20 سال سے یہ تمام چیزیں ہمارے سامنے ہوتی رہی ہیں۔ یہ پیسے آتے تھے ، ہماری تمام ایجنسیوں کو پتا تھا ان کے through پیسے یہاں سے آتے تھے اور یہاں سے وہ مختلف قسم کے مدرسے اور چیزیں بناتے تھے۔ 20 سال سے یہ چیزیں ہمارے سامنے ہوتی رہیں لیکن ہمارا یہ خیال تھا کہ ہمیں کچھ نقصان نہیں ہو گا۔ یہاں تو صرف تربیت ہوتی ہے اور یہ جا کر افغانستان میں لڑیں گے لیکن جناب چیئرمین! آج جو آگ ہم نے دوسرے کے گھر کو لگائی تھی اپنے گھر کو لگ گئی ہے ۔

جناب چیئرمین ! میں یہ گزارش کروں گا کہ جب تک دہشت گردی کے بنیادی اسباب کاپتا نہیں لگا لیتے اس پر متفق نہیں ہوجاتے اور ان اسباب کو ہٹا نہیں دیتے اس وقت تک دہشت گردوں کو آپ جتنا ماریں گے کوئی نتیجہ نہیں نکلے گا ۔ یہاں پر جناب والا! ہم نے بہت سی کوششیں کیں ، یہاں پر ماورائے عدالت قتل ہوئے ۔ ایک نہیں درجنوں نہیں سینکڑوں کی تعداد میں لوگوں کو ماورائے عدالت قتل کیا گیا اور یہ خیال کیا گیا کہ اس سے دہشت گردی ختم ہو جائے گی۔ یہاں پر جناب چیئرمین ! انسداد دہشت گردی کا قانون لایا گیا اور یہ کہا گیا کہ اس سے دہشت گردی ختم ہو جائے گی لیکن نتیجہ آپ اور ہمارے سامنے ہے۔ نتیجہ ہم دیکھ رہے ہیں کہ

اس سے دہشت گردی کم ہونے کی بجائے بڑھی ہے جناب چیئرمین! اس سے کوئی دہشت گردی ختم نہیں ہوئی ہے اور جناب چیئرمین! افسوس کی بات یہ ہے کہ اتنی زیادہ involvement ہوگئی ہے کہ اب ہمارے ملک میں ہماری مساجد ہمارے دینی مراکز ہمارے بازار کوئی جگہ محفوظ نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! اب تو ایسے لگتا ہے کہ جب آپ روز پریس میں پڑھتے ہیں کہ دنیا کے لٹیروں اور ڈاکوؤں نے اسلام آباد کا رخ کر لیا ہے - یہ ہمارا دارالخلافہ ہے اور بہت اچھا شہر ہے اس کی آبادی چند لاکھ لیکن ہر روز جب آپ اخبار اٹھا کر کے دیکھتے ہیں تو درجنوں چوریاں اور ڈاکے اور قتل اسلام آباد کے اندر ہوئے ہوتے ہیں۔ جب اسلام آباد کی یہ صورتحال ہے تو کسی اور جگہ کا ذکر کرنا میں سمجھتاہوں کہ بے معنی ہے -

جناب چیئرمین ! میری گزارش یہ ہے میں پھر ایک دفعہ یہ استدعا کروں گا اپنی حکومت کے دوستوں سے ' اپوزیشن کے دوستوں سے تمام دوستوں سے کہ ہم پہلے دہشت گردی کے اسباب معلوم کریں اور ہم اپنے عوام کو یہ احساس دلائیں کہ یہ حکومت آپ کی ہے ' یہاں پر حکمرانی آپ کی ہے ' ان کو شریک اقتدار کریں۔ بدترین معاشی بد حالی ہے۔ بد ترین معاشی عدم مساوات ہے۔ یہاں پر ہم نے احتساب کے نام پر جو ایک ڈھونگ رچا رکھا تھا پچھلے چند مہینوں سے۔ ایک دفعہ پچھلے تین سال اس کام میں گزر گئے۔ کبھی میاں صاحب کے والد صاحب کو گرفتار کیا جاتا تھا کبھی میاں صاحب کو گرفتار کیا جاتا تھا۔ آخر تین سال کے بعد کوئی نتیجہ نہیں۔ اب دس مہینے گزرگئے ہیں روز ٹی وی پہ ' اخباروں پہ احتساب ہو رہا ہے۔ فلاں پیسے لوٹ کر لے گیا' فلاں بنک میں فلاں کے اکاؤنٹ ہیں سوئس بنکوں میں یہ ہے امریکن بنکوں میں یہ ہے لیکن دس مہینے کے بعد آجتک اس قوم کو ایک پیسے کی وصولی کی امید بھی نظر نہیں آتی۔ تو جناب چیئرمین ! میں یہ سمجھتا ہوں ایسے ملک میں جہاں پہ ایک طرف اربوں ڈالر لوگوں نے بیرونی بنکوں میں رکھے ہوں گے اور دوسری طرف لوگوں کو دو وقت کی روٹی میسر نہیں ہے' اور جناب چیئرمین جب تک ہم خارجہ پالیسی دوسروں کے مفادات کے تحفظ کے لئے بناتے رہیں گے دوسروں کے ممالک میں مداخلت کریں گے تو یہ ہمارے ساتھ ہو گا۔ تو میری یہ گزارش ہے کہ ہم ان اسباب کو جانیں ان کو ختم کریں ۔دہشت گردی خود ختم ہو جائے گی۔ دہشت گردی ہماری خواہشات سے ہماری تمناؤں سے ختم نہیں ہو گی۔ شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جناب شفقت محمود صاحب۔

Mr. Shafqat Mehmood: Thank you Mr. Chairman.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Mr. Chairman , I agree with a number of speakers that have come before me who have said that law and order had never been so adverse. I also agree with those speakers who say that law and order has been in a similar state for a very very long time. As far as the current situation is concerned , I entirely agree with my brother Senator Raza Rabbani who said that the immediate cause for the problems that we are experiencing around the country is the lack of political will which manifests itself in a desire to make compromises, in a desire to leave or to let off those people who are involved in heinous crimes.

And now Sir, this is historical fact that in the last 7, 8 months a large number of people who were involved in very very serious crimes have been released from jails. But Sir, this immediate problem, this immediate lack of political will, this immediate political compromise is not the only problem with law and order. Law and order is a problem that has been with us for sometime and in fact will continue to deteriorate because there are some very very basic problems in the way we have tackled law and order.

Sir, eversince the last twelve years a certain propensity has emerged in the political culture of this country that every politician at whatever level, whichever province that he or she is from there is a desire to ensure that police officers who are posted in his or her constitutency, are police officers of his or her choice. When police officers who are directly responsible for the maintenance of law and order are going to be posted there on the desire of the politician who comes from that particular area, then clearly a number of things will happen Sir. First of all the loyalty of that police officer is not to his job, is

not to the work that is assigned to that police officer but his loyalty is to the political mentor who has brought him to that particular place.

Secondly Sir, the heirarchy and the discipline in the heirarchy of the police force which is an essential for the maintenance of law and order, is clearly done away with, is clearly destroyed, when subordinate police officers instead of looking at their superior for guidance, instead of looking at their superior for any kind of accountability, start to look at their political mentor for good or evil. And Sir, in this case what we have been experiencing particularly in the Punjab, in the last twelve years what we have experienced is that instead of a kind of fair administrative set up what we have noticed, and in this I hold Mr. Nawaz Sharif particularly responsible when he was Chief Minister Punjab, that the province was almost divided into mini subedaries, where each MPA was made more or less the master of his constituency, where that MPA had the power to post a SHO, ASI, DSP and SP. With the results that those SHOs and ASIs and all those people were not being fair to their job. They were not interested in maintaining law and order. They were only interested in catering to the wishes and desires of their political leaders and political mentors and also Sir, we saw a very strange phenomena because of this subedari division of the province that a police which was doing a number of good or evil things on the behest of their political mentors also decided

کہ اگر ہم ان لوگوں کے کہنے کے اوپر اتنا کچھ کر سکتے ہیں، اگر ہم ان لوگوں کے کہنے کے اوپر لوگوں کو بند کر سکتے ہیں اور لوگوں کو چھوڑ سکتے ہیں تو اپنے لئے بھی کچھ بندوبست کیوں نہ کریں۔ تو اس کا نتیجہ جناب یہ ہوا کہ پولیس جو تھی وہ خود کرائم میں involve ہو گئی اور درحقیقت آپ کو بھی اس چیز کا بخوبی علم ہو گا کہ بہت سارا کرائم جو مقامی سطح پر کیا جاتا ہے چاہے وہ جوا ہو، چاہے وہ بدکاری ہو، چاہے وہ منشیات ہوں، چاہے وہ شراب فروشی ہو، یعنی

اس قسم کے جتنے جرائم، بلکہ میں تو اس حد تک کہوں گا کہ murder کی حد تک پولیس کی connivance سے ہوتے ہیں۔ اس لئے کہ پولیس کو کوئی ڈر خطرہ نہیں ہے کہ ان کے سیاسی جو اکابرین ہیں انہوں نے ان کو وہاں لگایا ہوا ہے ان کو کیا خطرہ ہے، ان کو ایس پی کی کیا پرواہ ہے، ان کو ڈی آئی جی کی کیا پرواہ ہے، ان کو آئی جی کی کیا پرواہ ہے۔ میں نے ایک دو آئی جی کو کہا بھی، کہ آپ نے جو یہ پھول اپنے کندھے پر لگائے ہوئے ہیں اور جو یہ پیٹیاں اور وردیاں پہن کے پھر رہے ہیں یہ سب شو شا ہے، اور آپ کے پلے کچھ نہیں ہے۔ آپ نہ کسی ایس پی کو لگا سکتے ہیں نہ کسی ڈی ایس پی کو لگا سکتے ہیں، نہ کسی تھانیدارکو لگا سکتے ہیں۔ یہ آپکے کسی کام کے نہیں ہیں اور اگر آپ کی یہ حیثیت ہے تو کیا law and order ٹھیک کریں گے۔جناب ہم نے اپنی بدنیتی سےایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت، اور خاص طور پنجاب میں، کیونکہ اس کا مجھے زیادہ علم ہے۔ ہم نے اس نظام کو برباد کیا، یہ نظام جو کہ ویسے بھی اچھا نہیں تھا۔ اس نظام میں بہت ساری خرابیاں ہیں۔ اس نظام میں بہت سارے مسائل ہیں۔ لیکن ہم نے سوچے سمجھے منصوبے کے تحت،خاص طور پرپنجاب میں اس نظام کو برباد کیا اور پھراس پہ طرہ یہ کافی نہیں تھا اس پہ صوبیداری ایم پی اے کی بنا دی ان کے حوالے پولیس کر دی گئی بلکہ اگر پنجاب کا، میں پنجاب کا اس لئے ذکرکر رہا ہوں کہ مجھے اسکا علم ہے۔ آپ پچھلے بارہ سال میں بلا کے دیکھیں کہ recruitment کتنی ہوئی ہے۔ ہزاروں کی تعداد میں اے ایس آئی بھرتی ہوئے ہیں۔ کوٹے مقرر ہوئے کہ جی یہ ایم این اے کا کوٹہ ہے اے ایس آئی کا، یہ ایم پی اے کا کوٹہ ہے اے ایس آئی کا، یہ سینیٹر کا کوٹہ ہے اے ایس آئی کا۔ کوئی میرٹ رکھا گیا، کوئی امتحان کے ذریعے لایا گیا۔ کسی بھی ایسے پیمانے کے تحت، کہ کوئی پیمانہ قواعد و ضوابط کے مطابق ہو، نہیں۔ لوگوں کو کس طرح لایا گیا کہ جناب یہ اس کا بھانجا ہے،یہ اس کا بھتیجا ہے، یہ اس کا پوتا ہے، یہ اس کا داماد ہے اس کو اے ایس آئی بھرتی کر لو ۔اب اس کا نتیجہ یہ ہے جناب کہ بارہ سال کے اس سارے بگاڑ کے بعد ،میں یہ نہیں کہتا بگاڑ پہلے نہیں تھا، اس بگاڑ کو مزید خراب کرنے میں، اب صورت حال یہ ہے کے اگر آپ پنجاب پولیس کو دیکھیں تو ہزاروں کی تعداد میں ایسے لوگ موجود ہیں، پنجاب پولیس میں جن کا کوئی interest نہیں ہے police میں، جن کی کوئی ٹریننگ نہیں ہے police میں،ان کو کوئی پتہ نہیں کہ پولیس کیا ہوتی ہے۔ان کو تو صرف یہی پتہ ہے ہمارے کسی سیاسی اکابر نے یہاں لگا دیاہے۔جب کوئی مسئلہ ہوگا تو ہم ان

کو جا کر پوچھ لیں گے۔اور ان میں سے کچھ پروموٹ ہو کے کچھ انسپیکٹر ہو گئے ہیں، کچھ ڈی ایس پی ہو گئے ہیں بلکہ ایک سفارشی صاحب ایس پی بھی ہو گئے۔ تو یہ تو حالات ہیں اور ہم پھر کہتے ہیں کہ لاء اینڈ آرڈر کو ٹھیک کرنا ہے'اس طرح لاء اینڈ آرڈر ٹھیک ہوتا ہے۔ ہم نے جان کے، سوچے سمجھے منصوبے کے تحت ، لاء اینڈ آرڈر کو برباد کیا ہے اور اب ہم کہتے ہیں کہ جی بڑا افسوس ہے ہاتھ ملتے ہیں کہ او ہو لاء اینڈ آرڈر بہت خراب ہوگیا۔ اس کے علاوہ لاء اینڈ آرڈر کی دو جزویات ہیں جو میں آپ کے سامنے بیان کرنا چاہتا ہوں۔ایک تو پولیس کا میں نے ذکر کیا ہے اس کے بعد judiciary کا ہے کیونکہ غلطی سے اگر کوئی criminal پکڑا بھی جائےتو حالات کیا ہیں یا تو اس کو bail ہو جاتی ہے یا اس کو سزا نہیں ہوتی۔اسکا نتیجہ حکومت نے یہ سوچا کہ anti-terrorist کورٹ بنا دیں جلدی جلدی۔بات یہ ہے کیا فرق ہے ایک anti-terrorist court میں یا ایک speedy court میں۔ فرق یہ ہے کہ آپ نے اس کا procedure تبدیل کر دیا ہے۔ آپ نے کہاہے کہ جی ایک anti-terrorist court کا procedure یہ ہو گا اور ایک عام court کا procedureوہی ہو گا جو چلا آرہا ہے۔اور یہ نہیں سوچا کہ جو جج وہاں پر بیٹھے ہیں وہ کوئی خدا نخواستہ انگلستان سے تو نہیں آئے'وہ تو یہیں سے ہیں۔سو اگر procedure کا مسئلہ ہے، اگر procedure change کرنے سے بہت بڑا کمال ہو جائے گا تو آپ صرف speedy court کے لئے procedure کیوں تبدیل کرتے ہیں۔آپ ساری عدالتوں کے procedure کیوں نہیں تبدیل کرتے۔ اگر یہی برائی ہے تو procedure تبدیل کریں۔ یہ کسی نے نہیں سوچاکہ جی terrorist court فلاں کورٹ، لاکھوں مقدمات عام عدالتوں میں پڑے ہیں۔ان کی طرف کوئی توجہ نہیں ہے۔ تو کس طرح لوگوں کی جناب سرزنش ہو گی۔ کس طرح لوگ سوچیں گےکہ ہم کرائم نہ کریں۔ بڑےبڑے criminal پکڑے جاتے ہیں۔ اخباروں میں آتا ہے کہ جناب پکڑے گئے فلاں فلاں۔ دس دن جیل میں گزارےاور اس کے بعد فارغ۔

جناب اس لاء اینڈ آرڈر کا تیسرا جزو ہے جیلخانہ جات ۔ جیلوں کا یہ عالم ہے کہ وہاں پر جو اس سارے جھگڑے سے فارغ ہونے کے بعد اگر اس کو سزا بھی ہو جائے تو جو حالات جیل کے اندر ہیں وہ بھی ماشاء اللہ ہی ہیں ۔ کریمنل جو ہیں رات کو پیرول پر ، پیرول کیا! پیسے کھلا کر رات کو باہر چلے جاتے ہیں ۔ میں نے بھی تھوڑا سا وقت جیل میں گزارا ہے میاں صاحب کی مہربانی کے ساتھ ۔ جب ہم جیل میں گئے ۔ اور جس سیل کے اندر ہم تھے تو اس کے ساتھ ساتھ

بڑے بڑے ڈرگ سمگلر تھے ۔ تو اگلے دن ہمیں انہوں نے چائے پر مدعو کیا۔ جبکہ ان کو death سیل میں بند کیا ہوا تھا ۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی قیدی آئے ہیں، ہمیں چائے پر بلایا۔ جب ہم ان کے پاس گئے تو دیکھا کہ ان کے پاس ٹی وی ، فریج، وغیرہ تھے ۔ تو میں نے کہا کہ جی آپ تو ماشاء اللہ بہت بڑے خطرناک مجرم ہیں ۔ انہوں نے کہا جناب سب اچھا ہے ۔ آپ بتائیں کہ آپ کو کیا مسئلہ ہے ۔ آپ کو چاہئیے کیا ، یہ تو بتائیں ہمیں کہ کس چیز کی آپ کو ضرورت ہے ۔ جو آپ کہیں گے وہی ہم مہیا کریں گے ۔ تو تیسرا جو جزو ہے وہ اس سارے مسئلے میں سے ان ساری گھمن گیریوں میں سے گزر کر اگر کسی کو سزا بھی ہو جائے تو جو جیلوں کا حال ہے وہ اس پر ذرا غور کیجئے ۔

لہٰذا جناب میری گزارش یہ ہے کہ پولیس کو انہوں نے خود برباد کیا ۔ جوڈیشری کے بارے میں ان کے ایک عجیب سے خیالات ہیں۔ جیلوں کے بارے میں کبھی سوچا ہی نہیں اور پھر کہتے ہیں کہ جی ہم نے امن و امان کو ٹھیک کرنا ہے۔ میں گزارش یہ کروں گا کہ ساتھ ساتھ وقت کم ہے اور مسئلہ بہت بڑا ہے ۔ اور یہ بڑا serious مسئلہ ہے ۔ اس کی ہم سب کو تکلیف ہوتی ہے لیکن یہ ایک سپیشل سبجیکٹ ہے ۔ میں انتہائی مختصر الفاظ میں یہ کہوں گا کہ ہم نے کبھی سوچا ہے کہ ہم کمیونٹی پالیسی کی طرف جائیں ۔ ہم نے کبھی سوچا ہے کہ یہ بیچارے لوکل گورنمنٹ والے جو ہیں ، کہتے ہیں جی کہ چوکیدارہ نظام چلا دو ۔ کوئی چوکیدار کھڑے کر دو۔ چوکیدار بیچارے کس بات پر کھڑے کریں ۔ ان کو کچھ اختیارات دیں تاکہ خود اپنی حفاظت تو کر سکیں۔ وہ اپنے مسائل خود ٹھیک کریں ۔ چھوٹی تصفیہ طلب باتیں خود طے کریں۔ یہ تو ہم کہتے رہتے ہیں کہ all powers to the people لیکن جب معاملہ آتا ہے power دینے کا، یہ کوئی دینے کو تیار نہیں ہوتا۔ سو میری گزارش یہ ہے یہ بڑا serious matter ہے اس کو اس طریقہ سے summary سے نہ ٹھیک کریں۔ یہ ملک اس طریقے سے نہیں بچے گا ۔ بڑی مہربانی شکریہ ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جناب بلیدی صاحب ۔

ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔ شکریہ جناب چیئرمین! یہ ایک اہم مسئلہ ہے امن و امان کا اور بدقسمتی سے جو بھی پاکستان میں حکومت کرتے چلے آ رہے ہیں ۔ تو بڑوں نے یہ سوچا تھا کہ یہ قانون صرف غریبوں کے لئے ہوگا ۔ ہم بچیں گے ۔ لیکن تاریخ گواہ ہے مشاہدے میں آیا ہے

کہ گزشتہ حکومت میں وزیراعظم بھی اپنے بھائی کو نہ بچا سکی ۔ اور موجودہ حکومت کے وزیر داخلہ کا ہم زلف بھی نہ بچ سکا ۔ تو اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جو دوسروں کے لئے گڑھا کھودتا ہے وہ خود اس میں گرتا ہے ۔

جناب والا! یہاں سب امن و امان کی صورتحال پر روتے ہیں ۔ لیکن انہوں نے یہ نہیں سوچا ہے کہ اس کا حل کیا ہے ۔ ہم نے پچاس سال تک یہ آزمایا اور آج تک ہم اس میں فیل ہو گئے ہیں کہ امن و امان کی صورتحال کو ہم کس طرح کور کریں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کا سب سے بہترین علاج یہ ہے کہ اس ملک میں اسلامی نظام نافذ کرو تو جب یہ نافذ ہوگا تو یہ امن و امان کی صورتحال خود بخود cover ہو جائے گی۔ اس میں جناب جو پولیس ملوث ہے، کچھ ہفتے پہلے اسی ہاؤس نے دہشت گردی کا بل پاس کیا ۔ ہم نے واویلا کیا کہ پولیس کو جو اختیارات دیئے گئے تھے اس سے بھی انہوں نے ناجائز فائدہ اٹھایا ۔ اور اگر ہم مزید اس پولیس کو اختیارات دیتے ہیں ۔ تو جناب والا! پولیس والے خود بتاتے ہیں کہ فلاں بڑے لوگ جو پیسے والا ہے اس کو مارو۔ فلاں وقت میں مارو میں آپ کے ساتھ ہوں ۔ پوری اطلاع بھی ایک پولیس ایس ایچ او ایک ایس پی کو ایک لاکھ روپیہ دے کر وہ اس کو مروانے کے لئے خود ملوث ہوتی ہے ۔ اور اسی کی اطلاع آپ کے وزیر اعظم ، وزیر داخلہ کو بھی ہوتی ہے ۔ وہ بھی پتہ نہیں کہ اس سے بدلہ لیتے ہیں یا نہیں ۔وہ خود بتا سکیں گے۔

جناب والا! یہ پولیس کی حالت ہے کہ ہم نے کھلی چھٹی دی ہے پولیس والوں کو کہ وہ اس ملک میں جو کرنا چاہیں کر لیں ۔میں سمجھتا ہوں کہ یہاں کے بڑے مر جائیں تو مر جائیں لیکن غریبوں نے کون سا گناہ کیا ہے کہ انہوں نے اس ملک کے لوگوں کو ووٹ دے کر کچھ کو سینیٹر بنا کر اس ہاؤس میں لائے اور کچھ کو ایم این اے بنایا ان کا کیا قصور ہے 98 فیصد غریبوں کا۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان غریبوں کا یہ حق مارا جا رہا ہے میں سمجھتا ہوں کہ ان حکمرانوں کو اقتدار سنبھالنے یا حکومت کرنے کا کسی بھی صورت میں کوئی حق نہیں ہے جب تک کہ ایک غریب کے جان و مال کی وہ گارنٹی نہ دیں اور یہاں جو بعض ممبروں نے کہا کہ بیشتر جو ہم نمائندے ہوتے ہیں ان میں ہم involve ہوتے ہیں وہ سفارشی ایس ایچ او، انسپکٹر، ڈی آئی جی، آئی جی لگا کر ان کے لئے سیاسی راہ ہموار کر لیتے ہیں اور ان میں کچھ دوسرے بھی بزنس کر لیتے ہیں تو ان میں جب کہ ایک ایماندار ایس ایچ او نہیں ہو گا تھانیدار سے لے کر آئی جی پولیس

پورے صوبے کا وہ سب ایک گینگ ہے سب ملے ہوئے ہوتے ہیں تو وہاں لاء اینڈ آرڈر کی situation کو آپ کیا ٹھیک کریں گے تو جناب والا! مذہبی گروپوں کو بھی امریکہ نے پاکستان میں پیسہ دیا ہے کہ آپ مذہبی گروپوں کو آپس میں فرقہ واریت کے حوالے سے لڑائیں ، اور لڑائیں اور حکومت کریں تاکہ وہ نہیں لڑیں گے تو ان کا مقابلہ مجھ سے ہوگا لہذا وہ آپس میں شیعہ سنی کا ایک فساد بر پا کریں حالانکہ بنیادی طور پر دینی جتنے بھی گروپ ہیں وہ سب اکٹھے ہیں ان میں کوئی اختلاف نہیں ہے لیکن اس اختلاف میں صرف حکومت اور امریکہ کا ہاتھ ہے ان کو لڑانے کے لئے ان کو مروانے کے لئے موجودہ بنوری ٹاؤن کراچی کا جو واقعہ ہوا تھا جناب والا! وہ پر امن لوگ تھے بنوری کے معتبر لوگ تھے کراچی کی جتنی بھی لاء اینڈ آرڈر کی meetings ہوتی ہیں وزیر اعلیٰ بھی گواہ ہیں کہ ان میں ان کا رول تھا آیا ان کو مارنے میں کس کا ہاتھ تھا؟

تو جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں جب تک رشوت اور یہ جو پولیس کی گینگ ہے اس کے لئے ایک کمیٹی سینیٹر اور ایم این اے کی بنانی چاہیئے اور جو بے ایمان جو لالچ اور رشوت خور پولیس افیسر ہیں یا انتظامیہ ہے ان کو Terminate کیا جائے ان کو پھانسی دی جائے تاکہ یہ جو لاء اینڈ آرڈر کی situation ہے یہ ٹھیک ہو جائے ۔ اور دوسری بات یہ ہے کہ اسملک میں ترقی یا عروج یا زوال اپنی جگہ ہے یہاں غریبوں کو اپنی جگہ یہ بھی خطرہ ہے کہ صبح وہ نکلتے ہیں رات کو وہ با حفاظت واپس گھر بھی پہنچ پائیں گے یا نہیں اور یہاں جو اقتدار والے ہیں جو منسٹرز ہیں جو ایم این اے ہیں غریبوں سے ان کی جان کو زیادہ خطرہ ہے۔ تو میں نہیں سمجھتا ہوں کہ ہمارے اقتدار والے کچھ کرتے ہیں بدقسمتی سے جو اقتدار میں ہوتا ہے وہ دوسرے کو بلیم لگاتا ہے اور جو اپوزیشن میں ہوتا ہے وہ اقتدار والوں کو بلیم لگاتا ہے ان میں سب برابر ہیں اور ہمیں چاہئیے کہ ہم اس ملک میں اسلامی نظام لائیں جب اسلامی نظام آئے گا تو اسلامی نظام ہر ایک کا آڈٹ اور محاسبہ خود کرے گا اور جو بے ایمان جو رشوت خور جو غدار آفیسر ملیں گے اسلامی نظام ان کو خود سزا دے گا۔ یہ عجیب بات ہے کہ جو لوگ پکڑے جاتے ہیں ملزم ،قاتل دہشت گردی کے حوالے سے ایک ایم این اے کی سفارش سے ایک منسٹر کی سفارش سے وہ نکل جاتے ہیں کیونکہ وہ ان کی گینگ کے آدمی ہوتے ہیں ان کی پارٹی سے ان کا تعلق ہوتا ہے میں سمجھتا ہوں کہ جب وہ نکلتے ہیں ان کی حوصلہ افزائی ہو جاتی ہے دوسرے بھی ان کی تقلید کرتے ہیں لہذا اس میں جو قاتل گرفتار ہوتے ہیں جو دہشت گرد گرفتار ہوتے ہیں چاہے جس پارٹی کا ہو ان

میں کوئی سفارش کا عمل دخل نہ ہو لیکن اس ملک میں بدقسمتی سے سفارش نے شروع سے لیکر ابتک اس ملک کو تباہ کر دیا ہے۔ جو جس منسٹر کے بندے ہوتے ہیں وزیر اعظم کی گینگ کے بندے ہوتے ہیں ان کے لئے کوئی قانون نہیں ہوتا جو غریب ہوتے ہیں ان کے لئے قانون ہے اگر وہ معمولی غلطی کریں چاہے وہ involve ہوں یا نہ ہوں کوئی ثبوت بھی اگر نہ ہو ان کے گلے میں رسی ڈال دی جاتی ہے ان کو بند کر دیا جاتا ہے اور وزیر کے جو بندے ہیں حکومتی جوبندے ہوتے ہیں ان کے لئے کوئی قانون نہیں ہوتا

جناب والا! اس ملک میں خدا را Law and Order لائیں اور مل بیٹھ کر ہم سب کی یہذمہ داری ہے، خواہ اپوزیشن ہو یا حزب اقتدار ہو ۔ اس کا کوئی حل نکالیں ۔جناب والا! آجکل مسجدیں بھی محفوظ نہیں ہیں۔ نمازی جب نماز پڑھنے کے لئے جاتے ہیں ، ان کو یہ خطرہ ہوتا ہے کہ کوئی بم نہ پھینک دے۔ ہم کسی کو منہ دیکھانے کے قابل نہیں ہیں ۔آپ سعودی عرب میں جائیں ، آپ کویت میں جائیں۔ وہاں کیوں قتل و غارت گری نہیں ہوتی ہے ، چونکہ وہاں ہر ایک کے لئے قانون برابر ہے۔ اگر وہاں خلیفہ کا بھائی یا بیٹا بھی کسی کو قتل کرے تو اسی وقت حکومت اس کو پھانسی دیتی ہےتو اس لئے کسی دوسرےکو جرات ہی نہیں ہوتی کہ وہ کسی دوسرے کو قتل کرے ۔ یہاں چونکہ سفارش چلتی ہے اور کسی اپنے کا مسئلہ ہے کہ یہ میرا بندہ ہے اور یہ وزیر کا بندہ ہے یا کسی غیر کا بندہ ہے ۔ جناب والا! ہمارے ہمسائے ملکوں میں قطر، دوبئی، سعودی عرب میں کوئی قتل و غارت نہیں ہوتی ۔ وہاں قانون ہے ۔ یہاں کوئی قانون نہیں ہے اس لئے یہاں قتل و غارت ختم نہیں ہوتی ۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے اس مسئلے پر مجھے بولنے کا وقت دیا۔ شکریہ جی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جی جواد ہادی صاحب۔ .please take your seats

سید محمد جواد ہادی۔بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ شکریہ، جناب چیئرمین صاحب! اس وقت امن و امان کا مسئلہ زیر بحث ہے ۔ میرے خیال میں اس ہاؤس کے تمام معزز ممبر حضرات اس بات سےمتفق ہیں کہ جو ملک میں صورت حال پیدا ہو گئی ہے ۔ یہ صورت حال نہایت ہی تشویش ناک ہے ۔ امن و امان کے پس پردہ محرکات و اسباب جن کی طرف ہمارے بعض معزز ممبرحضرات نے اشارہ کیا ہے ، جو بھی ہوں ، چاہے وہ معاشی نا ہمواری ہو ، نا انصافی ہو ، سسٹم کی خرابی

ہو، قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کمزوری ہو، جو بھی ہو بہر حال ان میں سے بہت سارے اسباب اس میں داخل ہیں، چاہے اسباب جو بھی ہوں۔ امن و امان کی صورت حال اس نازک اور حساس مرحلے پر پہنچی ہے، اگر اس کو کنٹرول نہ کیا گیا تو خدا نخواستہ ملک کو ایک بہت بڑا نقصان پہنچ سکتا ہے۔ جناب چیئرمین صاحب! تین چیزیں ایسی ہیں کہ جن کا ملک کی ترقی اور استحکام میں بنیادی کردار ہے اور اس کو ملک کی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے۔ امن و امان کامسئلہ، سیاسی استحکام کا مسئلہ اور معاشی استحکام ۔ یہ تینوں چیزیں ایسی ہیں، جن کا آپس میں بہت گہرا تعلق ہے۔ ان میں سے ہر ایک ڈائریکٹ دوسرے پر اثر انداز ہوتی ہے ۔ایک شہری کو جان ومال کا تحفظ دینا ایک حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے اور ایک شہری کا بنیادی حق ہے۔ بدقسمتی سے بہت عرصے سے اس ملک کے شہری اس بنیادی حق سے محروم ہیں ۔ یہ بھی ہماری بدقسمت ہےہ کہ ملک میں امن و امان کی بدتر صورت حال کے بارے میں کبھی بھی کسی بھی حکومت نے سنجیدگی سےمنصوبہ بندی کرنے کی کوشش نہیں کی اور ان ایوانوں میں بھی اس مسئلےکو ہمیشہ ایک دوسرے کو خراب کرنے کے لئے اور امن و امان کے مسئلے کو سیاسی ایشو کے طور پراستعمال کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ یہ ایک نیا مسئلہ نہیں ہے جو کہ کسی خاص دور میں اور کسی خاص حکومت کا پیدا کردہ ہو ۔ یہ مسئلہ ایک طویل عرصے سے چلا آ رہا ہے۔ گزشتہ حکومت میں بھی صورتحال اس سے بہتر نہیں رہی ،اگر بد تر نہ تھی۔ کچھ عرصہ سے موجودہ حکومت کے اقدامات سے ایسا لگ رہا تھا کہ صورتحال بہتر ہو رہی ہے لیکن میرے خیال میں اس ملک کے شہریوں کی قسمت میں سکون لکھا ہی نہیں گیا ہے۔ ہم دیکھ رہے ہیں کہ بیک وقت تین محاذوں سے ،پھر اس ملک کے استحکام اور سکون پر حملہ ہوا ہے۔ امن و امان کے حوالے سے بھی کچھ دنوں سے پھر ایک نئی صورتحال پیدا ہوگئی ہے، معاشی عدم استحکام کی بھی صورتحال بدتر ہو رہی ہے اور سیاسی استحکام کو بھی لگتا ہے کہ نظر بد لگی ہے اور آہستہ آہستہ سیاسی عدم استحکام پیدا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

میں نے عرض کیا کہ یہ تین عوامل اور تینوں چیزیں ایسی ہیں کہ جن کا ایک دوسرے سے گہرا تعلق ہے ۔ اگر بغور جائزہ لیا جائے تو بیک وقت ان تین حوالوں سے ہمارے ملک کو مشکل کا سامنا ہے، امن و امان کی بھی صورتحال کوئی اچھی نہیں ہے۔ سیاسی عدم استحکام بھی پیدا کیا جا رہا ہے اور معاشی حوالے سےبھی ماشا اللہ ہم جس پوزیشن میں ہیں وہ سب کے سامنے ہے۔

اگر ان تینوں چیزوں کا بغور جائزہ لیا جائے تو لگتا ہے کہ ہمارا دشمن اس ملک کو نقصان پہنچانے کے لئے ان تینوں محاذوں سے ہم پر حملہ آور ہوا ہے۔ لہذا امن و امان کی جو صورتحال ہے اس کو فرقہ وارانہ رنگ دینا یا مذہبی اختلافات کا رنگ دینا یہ حقیقت پر مبنی نہیں ہے بلکہ جو قوتیں اس ملک میں عدم سیاسی استحکام پیدا کر رہی ہیں، جو قوتیں اس ملک کو معاشی حوالے سے زک پہنچانے کی کوششیں کر رہی ہیں، ان ہی قوتوں کا امن و امان کو خراب کرنے میں دخل ہے۔ میں سمجھتا ہوں کوئی بھی مسلمان، جس کا جو بھی طرزِ تفکر ہو، جو اس صورتحال کو قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہے اور وہ اتنے بڑے جرم کا مرتکب نہیں ہو سکتا ہے کہ وہ اس ملک کے شہریوں کے سکون کو چھین لے، وہ کسی مسلمان کے خون کو بہائے۔ لہذا صرف مذہبی جماعتوں کو الزام دینا اور یہ کہنا کہ امن و امان کی بد ترین صورتحال مذہبی اختلافات کی وجہ سے ہے، یہ ایک صحیح بات نہیں ہے۔ یوں کہنا بھی انصاف نہیں ہو گا کہ ہم موجودہ بدترین صورتحال کا ذمہ دار کسی ایک حکومت کو ٹھہرائیں۔ یہ ایک دیرینہ مسئلہ ہے، ہر حکومت کے دور میں یہ مسئلہ پیدا ہوا ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ جب سے پاکستان وجود میں آیا ہے، وہ قوتیں جنہوں نے اس ملک کے وجود کو تسلیم نہیں کیا تھا، وہی قوتیں مسلسل اس ملک کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کے لئے کوششوں میں مصروف ہیں۔ لہذا ان کا جہاں بھی بس چلے، ان کو جہاں بھی موقع ملے، چاہے وہ معاشی حوالے سے ہو یا سیاسی حوالے سے ہو یا امن و امان کے حوالے سے ہو، وہ اس ملک پر ضرب لگانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اسی حوالے سے اگر ہم دیکھیں تو جو بھی پاکستانی ہیں، جو بھی مسلمان ہیں، چاہے وہ مسلمان نہ بھی ہو اس ملک کا شہری ہو، ان سب کا فرض بنتا ہے کہ ہم صورتحال کا مقابلہ کریں، چاہے ہم حکومت میں ہوں، چاہے ہم اپوزیشن میں ہوں، ہمیں چاہیئے کہ کم از کم اس issue کو اس ملک کی بقاء کا مسئلہ سمجھ کر ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کریں۔ نہ حکومت کو چاہیئے کہ اس کا الزام اپوزیشن کو دے اور نہ اپوزیشن کو چاہیئے کہ اس کا ذمہ دار حکومت کو ٹھہرائے۔ بلکہ اس کے ذمہ دار ہم سب ہیں۔ پورا پاکستانی معاشرہ ہے۔ ہم جہاں پر بھی ہیں، چاہے سیاستدان ہیں، چاہے مذہبی لیڈر ہیں، چاہے پریس والے ہیں، چاہے قانون نافذ کرنے والے ادارے ہیں، چاہے پالیسی بنانے والے ادارے ہیں سب کا فرض ہے کہ اس صورتحال کا مقابلہ کریں۔ ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کریں۔ کیونکہ امن و امان کا مسئلہ، سیاست، عدم استحکام کا مسئلہ، معاشی عدم استحکام کا مسئلہ، ملک کی بقاء کا مسئلہ ہے۔ اگر خدا نخواستہ ہمارا دشمن جو ان حوالوں

سے اس ملک کو عدم استحکام سے دو چار کرنا چاہتا ہے اگر وہ اس مقصد میں کامیاب ہوگا تو کوئی بھی نہیں رہے گا۔ یہ دونوں بڑی پارٹیاں PPP اور مسلم لیگ جو باری باری ہم پر حکومت کر رہی ہیں ' ان کو اپنے اقتدار کے لئے بھی چاہیئے کہ وہ ان مسائل کو حل کریں۔ ان دونوں کو چاہیئے کہ ایک دوسرے کو الزام دینے کی بجائے ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کریں۔ باقی جو سیاسی جماعتیں ہیں' سیاسی لیڈر ہیں' مذہبی جماعتیں ہیں' ان کا بھی بحیثیت مسلمان اور بحیثیت پاکستانی شہری فرض بنتا ہے کہ حکومت کے ساتھ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ تعاون کریں اور چاہیئے کہ ہمارے موجودہ سسٹم میں جو خرابی ہے اس کو دور کریں۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں میں جو کمزوریاں ہیں ان کمزوریوں کو دور کریں اور امن و امان کے مسئلے کو ملک کا نمبر ایک مسئلہ سمجھا جائے اور اس کو حل کرنے کے لئے ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کریں۔ کیونکہ اگر یہ مسئلہ حل نہ ہوا تو سیاسی استحکام بھی نہیں آئے گا اور معاشی استحکام بھی نہیں آئے گا۔ اس سلسلے میں ہم سب کو اپنا فرض ادا کرنا چاہیئے۔

Mr. Presiding Officer: Mr. Javaid Iqbal Abbasi.

حاجی جاوید اقبال عباسی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

جناب چیئرمین! شکریہ۔ جو تحریک ہمارے معزز رکن رضا ربانی صاحب نے لاء اینڈ آرڈر کے بارے میں پیش کی' اس سلسلے میں انہوں نے یہ بات نہ سوچی اور وہ برملا یہ کہہ گئے کہ پاکستان مسلم لیگ کی حکومت کو مستعفیٰ ہو جانا چاہیئے۔ یہ بات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے کہ یہ ملک کب بنا۔ اللہ کے فضل و کرم سے ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو یہ معرض وجود میں آیا اور پاکستان مسلم لیگ کی کوششوں سے۔ پھر اس کا تحفظ اللہ نے کیا اور پاکستان مسلم لیگ نے کیا۔ جب کبھی بھی اس ملک کے اوپر حملہ ہوا اور پاکستان مسلم لیگ کی حکومت ہوئی تو اس نے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا۔ یہ جو آج کہتے ہیں کہ لاء اینڈ آرڈر کی پوزیشن ہے' یہ وہ وقت بھول گئے کہ لیاقت باغ کے اندر ایک سیاسی جماعت کا جلسہ ہو رہا تھا اور انہوں نے غنڈہ گردی ' بد معاشی کی اور جو حالات پیدا کئے تھے۔ ان غریبوں اور مسکینوں اور اس سیاسی جماعت کے ورکروں کی لاشیں آج تک نہیں ملیں۔ پاکستان میں جب کوئی اور جماعت(میں نام نہیں لینا چاہتا) حکمران تھی تو پاکستان دو لخت ہوا۔

جناب چیئرمین! ۱۹۷۰ء سے لے کر ۱۹۷۷ء کا وہ سیاہ دور کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ہے۔ اس کے بعد ۱۱ سالہ دور ضیاء الحق مرحوم کا ہے ۔ انہوں نے استحکام پاکستان' نفاذ اسلام اور پاکستان کو مضبوط کرنے کے لئے جو اقدامات کئے وہ کسی سے ڈھکے چھپے نہیں ہیں۔ آج اللہ کے فضل و کرم سے اسی شخص کی کوششوں کے نتیجے میں آپ کا مکار دشمن آپ کی طرف میلی آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھ سکتا۔ ۱۹۸۵ء سے لے کر ۱۹۸۸ء کا دور مسلم لیگ کا دور تھا' محمد خان جونیجو کا دور تھا۔ آیا کہیں دہشت گردی تھی۔ ہر جگہ پر امن تھا۔ کراچی جو امن اور روشنیوں کا شہر کہلاتا تھا یہ کب کھنڈرات اور اندھیروں میں بنا۔ یہ ۱۹۸۸ء اور ۱۹۹۰ء کے دور میں۔ جس میں بد معاش' غنڈے ' ڈکیت' سب لوگوں کو بغیر کسی ضمانت کے چھوڑ دیا گیا ۔یہ بات بھول گئے۔ پھر ۱۹۹۰ء سے لے کر ۱۹۹۳ء تک میاں محمد نواز شریف صاحب نے جو اقدامات کئے وہ کسی سے ڈھکے چھپے نہیں ہیں۔ اس مرد مجاہد نے اس ملک کی بقاء کے لئے اپنے اقتدار کو ٹھوکر مار دی۔ لیکن اس نے اس ملک کو دو لخت ہونے سے بچا لیا۔ یہ وہ لوگ ہیں جو کہتے ہیں کہ کرسی رہے' ملک بے شک نہ رہے پروا نہیں۔ 1993 سے 1996 کے اعداد و شمار نکالیں اور ہمارے ان چند مہینوں کا اعداد و شمار نکالیں تو پتہ لگ جائے گا کہ لاء اینڈ آرڈر کی کیا پوزیشن ہے۔ یہ بات کہنا کہ حکومت میں سیاسی استقامت نہیں ہے' آپس میں یہ بٹے ہوئے ہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پاکستان مسلم لیگ اور ہمارے حلیفوں کے ارادے مضبوط ہیں۔ انشاء اللہ ہمارا یہ مصمم ارادہ ہے کہ اس ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کریں گے ۔اس کے اندر سے غنڈہ گردی اور بدمعاشی کو ختم کر کے دم لیں گے لیکن معاشی طور پر انہوں نے تباہ کر کے چھوڑا۔ اس ملک کو دو ٹکڑے انہوں نے کیا۔ اس ملک کو جس بے دردی سے انہوں نے لوٹا 'وہ کسی سے ڈھکی چھپی بات نہیں ہے لیکن آج یہ کہتے ہیں کہ میاں نواز شریف کو مستعفی ہو جانا چاہیئے ۔ میں کہتا ہوں کہ ظالمو یہ ملک ہو گا'

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : آرڈر پلیز۔ حاجی صاحب۔ address the Chair

حاجی جاوید اقبال عباسی : اگر یہ ملک نہیں ہے' اگر یہ ملک ہی نہ رہا تو نہ آپ کی پیپلز پارٹی رہے گی۔ نہ رہے گا بانس نہ بجے گی بانسری۔ براہ مہربانی مل بیٹھ کر جو ملک کے مسائل ہیں 'چاہے معاشی ہیں' چاہے دہشت گردی کے ہیں' لاء اینڈ آرڈر کی پوزیشن ہے 'مل بیٹھ کر

ہمارے وزیراعظم میاں محمد نواز شریف کے ساتھ جو حلیف جماعتیں چل رہی ہیں ان کے ساتھ آپ بھی آئیں۔ 1990ء سے 1993 تک ہم نے آپ کے ساتھ چلنے کی کوشش کی۔ انہوں نے اپنی حلیف جماعتوں کو چھوڑ دیا آپ کی خاطر اور آپ نے ان کے ساتھ دھوکہ کیا اور غلام محمد اسحاق کے ساتھ مل کر اس ملک کو تباہ کرنے کی کوشش کی۔

جناب پریذائیڈائنگ آفیسر : تشریف رکھیئے شکریہ۔

حاجی جاوید اقبال عباسی : میری ایک دو باتیں رہ گئی ہیں۔ اس کے بعد میں ختم کرتا ہوں۔ میں ان کو دعوت دیتا ہوں اپنے قائد کی طرف سے، میاں محمد نواز شریف کی طرف سے، جو مسلم لیگ کے قائد ہیں اور اس پاکستان کے استحکام کے لئے لڑ رہے ہیں، ان کے ساتھ اور حلیف جماعتوں کے ساتھ بیٹھ کر یہ مذاکرات کریں۔ جو یہ تجاویز دیں گے انشاء اللہ مجھے امید ہے کہ ہمارا قائد ان کو قبول کرے گا۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر : حاجی عبدالرحمان۔

حاجی عبدالرحمان : جناب چیئرمین صاحب! آپ کا بہت شکریہ۔ چیئرمین صاحب آپ نے اور ہم سب نے بہت زیادہ تقاریر کیں اور سنیں اور دونوں سائیڈوں سے سنیں۔ موجودہ حکومت اور گزری حکومتوں کے نمائندوں کی بھی سنیں۔ سب ہم ایک دوسرے پر الزامات لگانا چاہ رہے ہیں اور ہم یہ چاہ رہے ہیں کہ اپنے جو کئے ہوئے ہیں وہ دوسروں پر ڈال دیں۔ ہم مسلمان اور پاکستانی ہیں۔ ہم لوگوں کو یہ چاہیئے کہ ہم اپنے قوم اور ملک کے جو مسائل اور مشکلات ہیں اس کے بارے میں سوچیں، بجائے اس کے کہ ایک دوسرے کو مورد الزام ٹھہرائیں۔ ہم اس کے حل کے لئے بیٹھ کر کوئی سوچ و فکر کریں اور اس مشکل سے نکلنے کے لئے کوئی راستہ اور لائحہ عمل تیار کریں۔

جناب چیئرمین صاحب! سب حضرات نے فرمایا کہ بے روزگاری، تعلیم کا نہ ہونا اور آبادی کی زیادتی اور مختلف مسائل ہیں۔ میں کہوں گا کہ سب سے بڑی چیز ہمارا نظام ہے، ہمارا سسٹم ہے۔ اس پر ہم عمل کرنے والے ہیں۔ جب تک سسٹم ٹھیک نہیں ہوگا، جب تک ہمارے عوام اور قوم کی ضروریات کے مطابق اور اللہ تعالیٰ نے جو نظام ہمیں دیا ہے، اگر اس پر عمل نہیں کیا جائے گا تو ہمارے یہ مسائل روز بروز بڑھتے جائیں گے اور مشکلات میں مزید اضافہ ہوتا

جائے گا۔ میں آپ کو ایک مثال دیتا ہوں تمام دنیا کے بدنما داغ ' چوری' ڈاکے اور سب چیزیں ہم قبائل پر ڈالی جاتی ہیں لیکن آپ آئیں اور ہمارے قبائل کے اندرونی حالات دیکھیں تو آپ دیکھیں وہاں پر کوئی ڈاکہ نہیں ہے' نہ وہاں پر کوئی چوری ہے نہ وہاں اس قسم کے قتل ہیں جو یہاں پر ہو رہے ہیں۔ تمام چیزیں جہاں پر بھی ڈاکہ ہوتا ہے کہا جاتا ہے کہ قبائل ملوث ہیں' جو کچھ بھی ہوجاتا ہے اسلحہ قبائل سے آرہا ہے' جو چیز ہوتی ہے وہی قبائل کا نام لیا جاتا ہے۔ آپ ہمیں بتائیں کہ قبائل میں کیا ہے۔ کیا قبائل میں بےروزگاری نہیں ہے۔ کیا قبائل سب تعلیم یافتہ ہیں' کیا قبائل کی آبادی کچھ کم ہے کہ وہاں ڈاکے نہیں ہیں ' چوری نہیں ہے اور اس کی main وجہ یہ ہے کہ ہمارے وہاں ایک نظام ہے' ایک system ہے اور اس system کو ہم follow کر رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! ہم کہتے ہیں کہ یہاں کا نظام فرسودہ ہو چکا ہے ' یہاں کا نظام دوسرے کا بنایا ہوا ہے' غلام قوم کے لئے بنایا ہوا ایک نظام ہے۔ ہم جب سے آئے ہیں ہم اسی طرح اسپر عمل کروانا چاہ رہے ہیں۔ یہاں انصاف کا حصول غریب کے لئے ناممکن ہے' ایک وقت روٹی کھانے کے لئے اس کے پاس پیسہ نہیں ہوتا تو انصاف کے لئے عدالتوں میں جانے کے لئے ' وکیلوں اور دوسروں کو دینے کے لئے پیسہ کہاں سے لائے گا۔ یہاں انصاف دیا نہیں جاتا' یہاں خریدا جاتا ہے۔ یہاں انصاف کے حصول کے لئے آپ کو اپنی جائیداد اور اپنے بیوی بچوں کے زیورات کو فروخت کرنا پڑتا ہے۔ میں آپ سے عرض کرتا ہوں کہ آئیں ہم بیٹھیں اور ہماری تمام سیاسی جماعتیں یا جتنے بھی ہمارے اس ملک کے خیر خواہ ہیں وہ بیٹھیں اور سوچیں کہ کیا کرنا چاہئیے۔ ہم تو مورد الزام ٹھہرا رہے ہیں کہ پولیس ہے' فلاں ہے 'فلاں ہے' اگر ان میں خامیاں ہیں تو ان خامیوں کو دور کرنا چاہئیے ۔ اس کے لئے ہم کو کچھ سوچنا چاہئیے بجائے اس کے کہ ان کو مورد الزام ٹھہراتے رہیں۔ سب سے بڑی جو وجہ ہے وہ ہمارے اللہ تعالیٰ جلا شانہ کے احکامات سے روگردانی ہے اور اس نظام کو جسے بشر کے لئے دیا گیا ہے ' جس سے امن و سکون آ سکتا ہے ' اس نظام پر عمل نہ کرنے کی وجہ ہے۔ سب سے زیادہ جو ہم ان حالات اور مشکلات میں پھنسے ہوئے ہیں اسکی وجہ یہ ہے کہ جس وعدے اور جس مقصد کے لئے ہم نے یہ ملک بنایا ہے ' جس نام پر بنایا ہے وہ چیزیں ہم نے چھوڑی ہوئی ہیں اور اس کی وجہ سے law and order کی situation کیا' اس ملک میں فرقہ واریت کیا ' اس ملک میں لسانیت اور سب چیزیں روز بروز بڑھ رہی ہیں۔ ہم مسلمان اور پاکستانی ہیں۔ اب ہم دیکھ رہے ہیں کہ ایک

دوسرے سے ناانصافی ہو رہی ہے تو کوئی سندھی ، کوئی بلوچی، کوئی پٹھان اور کوئی دوسرا ہے۔ اس لئے کہ میں سوچ رہا ہوں کہ میرے ساتھ پنجابی ظلم کر رہا ہے، دوسرا سوچ رہا ہے کہ میرے ساتھ سندھی ظلم کر رہا ہے۔ جب تک ہم مسلمان نہیں بنیں گے ، اللہ تعالیٰ جلا شانہ کا خوف ہم لوگوں میں نہیں آئے گا اور ہم میں سادگی نہیں آئے گی تو یہی چیزیں یہ روزگار پوری قوم کو آپ نہیں دے سکتے ہیں ۔ آپ اس معاشی حالت سے نہیں نکل سکتے ہیں جب تک آپ معاشی حالات، بے روزگاری اور آبادی کو control نہیں کرتے تو اس وقت تک یہ چیزیں آگے بڑھتی رہیں گی۔ ہمیں سوچنا چاہئیے کہ اس نظام کے ہوتے ہوئے اس ملک اور عوام کے لئے کون سا نظام وضع کرنا چاہئیے۔ ہمارا اگر پنچائت system تھا جو ہمارے یہاں کے عوام کا تھا، وہ بھی اس نظام سے اچھا تھا۔ اس کو بھی ہم نے ختم کر دیا ہے۔ سب سے بڑی وجہ ہے کہ ہم نے اپنے نظام کو نہیں اپنایا، ہم پرائے کے نظام پر چل رہے ہیں، ہم فرسودہ نظاموں کو لئے ہوئے چل رہے ہیں۔ ہمیں سادگی اختیار کر لینی چاہئیے اور ہمیں ایک system اس ملک کو دینا چاہئیے۔ میں اس کی دوبارہ مثال دیتا ہوں کہ ہمارے قبائل کو اس وقت لیں کہ وہاں الحمد اللہ کوئی law and order situation اس قسم کی نہیں ہے جو یہاں پر ہے اور اس کی main وجہ یہی ہے کہ وہاں ایک system ہے ، ایک رواج ہے اور اس پر عمل ہو رہا ہے، وہاں رشوتیں اور انصاف کے حصول کے لئے پیسے نہیں دینے پڑتے۔

Mr. Presiding Officer: Mr. Saifullah Khan Paracha.

Mr. Saifullah Khan Paracha: Sir, today, Mr. Chairman we are discussing this motion before the House about law and order in this country. Before me, my colleague Senators from both sides have expressed their views on this motion and I will try to avoid repetition of what they said. It leaves a very limited ground for me to express my views.

Law and order is related with the economic well-being. If one puts an ointment to eradicate a rash on the body, temporarily that rash can go down. But unless the root cause is tackled, the disease cannot go and the root cause is

the economic well-being of the country. Any professor, any student of economics will be able to tell you what is a cure to the disease which this country is suffering with. Our government of today that is Muslim League Government, I wish to God that they succeed in their mission to overcome this economic problem of the country because if the country is in good health economically then there is everything for us and if the country is not in good health then nothing is there for us.

Sir, the main issues which confront this country are unemployment and inflation. Then of course, there are many related subjects such as we have a very heavy population explosion. The population growth of this country is perhaps one of the fastest in the world and unless we control our population, we cannot provide the basic amenities because the growth of population is outstripping the development works which are carried out in the country. The question is does the government have a will to overcome this problem? The medicine is very bitter and the economic well-being or economic laws unfortunately, cannot be elective. You cannot say that such and such class who pays taxes and such and such class will not pay the taxes. In front of the economic laws, everyone is equal and once you start flouting these rules then one gets into more and more troubles. It is for the government of today to overcome these problems. But some of them, which are glaringly visible, need to be mentioned here.

It is a well known principle that one should live within ones own means. We have done nothing concrete for reducing the non-development expenditure. In fact, every step which has been taken, has been stopped for one reason or another and therefore, I don't see that we can accomplish this very important

matter , that is to live within ones means. Of course education and crimes have a very close relationship. If you improve education within the country , you automatically reduce the crimes. But more than education is the requirement of employment. Sir, the whole world is using Pakistan as a good market to sell their manufactured goods. We have been promoting imports specially of the consumer goods and Mr. Chairman, through you, I will draw the attention of every member of this House that when you consume consumer goods, you know where it lands eventually. It does not give any benefit to the country unless we have an import replacement policy, unless we established many many manufacturing unit we cannot overcome unemployment. The economy must be the chief employer. The Government can never be the chief employer and if it is, this employment will eventually prove very unhealthy for the country, then sir, speaking of payment of taxes, we can afford to have a pajero of 35 lacs but we will not pay any taxes to the Government. We can afford to have six air-conditioners in our house but we will not pay the electricity bill to WAPDA or to the Government agency, if Pakistan is poor, if the people of Pakistan are poor so is the country poor. Everybody should pay taxes and they should be no exemptions, whether the taxes are at the provincial level, whether the taxes are at the federal level, everybody has to bear this burden and unless we do that, I think, we cannot solve the problem. And then this is matter of strengthening institutions or atleast not destroying that sir, here is question and answer which was given yesterday rather on Friday the 7th November, 1997 to my question No. 21, in which the Minister for Interior enumerated the number of committees which were engaged for police reforms. Now we have heard our colleagues here in this House speaking on the high handedness of the police department, on the

other hand, we have, at here, Pakistan Police Commission 1961-62 by Justice Constantin, Pay and Services Commission and so forth and the last one mentioned was the Police Reforms Committee convened by Mr. Javed Ashraf Hussain, Additional Secretary, Ministry of Interior, 1997. We are having commissions after commissions but what is the end result, the end result is that we have not taken steps to strengthen our institutions which police, of course, is one of them and when you don't have discipline and look at it, people abroad are involved in crimes, some of them, they come back home, they are dismissed from that country but do we hear anything here in this country that some action has been taken against them, no, we never hear anything of that sort. It is free for all so with this scenario, I don't want to take more time, with this scenario I wish the present Government, well it is a gigantic task, the medicine is very very bitter and unless there is a political will I don't think we can over come these problems. Thank you Sir.

Mr. Presiding Officer :- Raja Aurangzeb Sahib.

راجہ محمد اورنگ زیب، شکریہ' جناب چیئرمین! آج یہاں پر لاء اینڈ آرڈر کے حوالے سے معزز ایوان میں معزز اراکین Debate کر رہے ہیں جناب والا! جہاں تک لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ ہے اگر میں یہ بات کہوں تو یہ میرے فاضل دوست یہ سمجھیں گے کہ شاید یہ میں اپنی طرف سے کہہ رہا ہوں لیکن اگر آپ گزشتہ تین سال کا موازنہ ہماری حکومت کے آٹھ ماہ کے ساتھ فرمائیں۔ تو آپ کو یہ اندازہ ہو جائے گا کہ ہماری حکومت کے برسراقتدار آنے کے بعد امن و امان کا مسئلہ اللہ تعالٰی کے فضل و کرم سے پہلے سے کہیں زیادہ بہتر ہے۔

جناب والا! میرے فاضل دوست پراچہ صاحب نے بڑی اچھی بات کہی کہ اکنامکس کا تعلق امن و امان کے مسئلے سے ہوتا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ امن و امان اور اکنامکس کا مسئلہ' دونوں ہمیں ورثے میں ملے ہیں۔ گزشتہ حکومت نے معاشی طور پر اس ملک کے اندر جو کچھ

کیا ، جس طرح سے ملک کے خزانے کو لوٹا، اس ملک سے دولت کو بیرون ممالک جمع کرایا وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہے۔ جناب والا! جب ہمارے قائد میاں محمد نواز شریف صاحب نے اس ملک کی باگ ڈور سنبھالی تو سب سے پہلے انہوں نے اس ملک کی اقتصادی حالت سدھارنے کے لئے اقدامات شروع کئے۔ اس کے بعد ہم نے امن و امان کے مسئلے سے بھی چشم پوشی نہیں کی بلکہ جہاں تک ممکن ہو سکا ، جہاں تک ہماری حکومت کے وسائل تھے، ان کو بروئے کار لاتے ہوئے، امن و امان کے مسئلے پر سنجیدگی سے غور کیا اور اس کو بہتر بنانے کے لئے اقدامات کئے ۔ پہلے کی نسبت آج امن و امان کی حالت بہت بہتر ہے ۔

اگر کراچی کے حالات کو سامنے رکھیں۔ ان کے دور میں ماورائے عدالت کتنے قتل ہوئے، اس وقت کراچی میں امن و امان کی حالت کیا تھی، وہاں پر دن کو ڈکیتیاں اور قتل و غارت ہوتی تھی۔ جب ان کی حکومت تھی تو سندھ کے اندر رات کو کانوائے چلتی تھی، دن کو کانوائے چلتی تھی ۔اس کے ساتھ لوگ سفر کرتے تھے اور کوئی آدمی بھی نہ اندرون سندھ اور نہ کراچی کے اندر اپنے آپ کو محفوظ سمجھتا تھا لیکن آج اللہ تعالٰی کے فضل و کرام سے نہ تو سندھ کے اندر کوئی ڈکیتی ہو رہی ہے۔ یہ میں نہیں کہتا کوئی وارداتیں نہیں ہو رہیں، ڈکیتیاں بھی ہوتی ہیں ،قتل و غارت بھی ہوتی ہے لیکن ان کے دور کا اور ہمارے آٹھ ماہ کے دور کا آپ اگر موازنہ فرمائیں تو اعدادوشمار سے آپ جان لیں گے کہ امن و امان کی حالت کو ہم نے کتنا بہتر بنایا ہے ۔ہم چاہتے ہیں اور ہماری حکومت کی کوشش ہے اور ہمارے قائد میاں محمد نواز شریف دن رات اس بات پر غور و فکر کر رہے ہیں کہ ہم نے اس ملک کے اندر سستا انصاف مہیا کرنا ہے ۔ ہم نے اس ملک کے اندر فرسودہ نظام کو ختم کرنا ہے ۔ ہم نے اس ملک کے اندر امیر اور غریب کی تفریق کو ختم کرنا ہے ۔ ہم نے اس ملک کے اندر غریب کی دہلیز پر انصاف کو پہنچانا ہے ۔ ہم نے اس ملک کے اندر ،جو سابقہ غلط روایات تھیں ان کو ختم کرنا ہے ۔ یہاں پر پولیس کی بات ہوئی کہ ایس ۔ایچ۔ او اپنی مرضی سے لگائے جاتے ہیں ، وہ لگانے والے کے زیر اثر کام کرتے ہیں۔ میں یقین دلاتا ہوں اورقسم کھا کر کہتا ہوں کہ ان آٹھ ماہ کے اندر نہ تو ہم نے ایک سپاہی کی سفارش کی، نہ ہم نے کسی ایس۔ ایچ۔ او کی سفارش کی ، نہ ہم نے ڈی ایس پی کی سفارش کی کہ آپ ہمارے تھانے میں فلاں ایس۔ ایچ۔ او یا ڈی ایس پی کو لگائیں ۔ہماری حکومت میرٹ پر کام کر رہی ہے اور ان کو تکلیف ہو رہی ہے ۔ آج جتنی بھرتیاں ہو رہی ہیں

وہ پبلک سروس کمیشن کی معرفت کی جا رہی ہیں ۔ ہم چاہتے تو ان کی طرح پانچ پانچ لاکھ روپیہ لے کر ایف آئی اے اور کسٹم کے اندر انسپکٹر بھرتی کرتے ، جہاں پر ایک اسامی تھی وہاں انہوں نے چودہ چودہ آدمی بھرتی کئے اور رشوت لے کر بھرتی کئے لیکن اللہ کے فضل و کرم سے ہمارے ہاتھ صاف ہیں اور ہمارے ملک کے وزیر اعظم سے لے کر ہمارے ایک کارکن تک، جو ہماری پرائمری لیگ کا مسلم لیگ کا صدر ہے میں اس کے متعلق بھی قسم کھا کر کہنے کے لئے تیار ہوں کہ ہم نے خدا قسم کوئی کرپشن نہیں کی اور ہم نے کرپشن اس لئے نہیں کی کہ ہمیں سابقہ دور کے ان کے حالات معلوم ہیں کہ انہوں نے کرپشن کر کے اس ملک کو کس دہلیز پر پہنچایا۔ کس جگہ سے کہاں تک پہنچایا۔ ہم اس ملک کو اس جگہ سے واپس لانا چاہتے ہیں، ہم status quo کو ختم کرنا چاہتے ہیں، ہم اس ملک کے اندر law and order کو بہتر بنانا چاہتے ہیں۔ لیکن جناب والا! یہ کام میاں نواز شریف کے بس کی بات نہیں ، اس میں جناب والا! ہم سب جتنے بھی ہم پاکستانی ہیں، خواہ وہ پارلیمنٹ کے ممبران ہیں ، خواہ وہ پارلیمنٹ سے باہر ہیں، خواہ وہ ہماری جماعت سے تعلق رکھتے ہیں یا کسی اور جماعت سے تعلق ہے، ہم سب پر فرض ہے بحیثیت پاکستانی کے کہ اگر پاکستان ہے تو ہم بھی ہیں ۔ اگر خدا نخواستہ اس پاکستان کو کچھ ہوگیا تو جناب ہماری شناخت ختم ہوجائے گی۔ جناب والا! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا اور آخر میں میں یہ کہوں گا کہ اللہ کے فضل و کرم سے law and order کا مسئلہ پہلے سے بہت بہتر ہے اور ہم انشاء اللہ مزید اس کو بہتر بنانے کی کوشش کریں گے۔ ہمیں ان کے تعاون کی بھی ضرورت ہے، ہمیں اپنی پوری قوم کے تعاون کی ضرورت ہے اور انشاء اللہ قوم ہمارے ساتھ تعاون کرے گے۔ شکریہ جناب۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی جناب حسین شاہ راشدی صاحب۔

Mr. Hussain Shah Rashdi: Mr. Chairman, thank you very much. This is undoubtedly an important motion and I am thankful to the Senators that they have expressed their views and put forth their suggestions to make the law and order situation better in the country. Unfortunately, Sir, the entire approach of the learned Senators from the other side has been to compare the present law

and order situation with the law and order situation prevailing during the Peoples Party's tenure. So, I can proudly say that when Peoples Party came into power in 1993, the situation of law and order, particularly in Karachi, was extremely bad and the credit goes to Peoples Party that when they went out of power, they had handed over a quiet and peaceful Karachi to the present Government. Sir, it cannot be denied that in 1992 during the first tenure of Pakistan Muslim League's Government, the situation had become worst. Worst to the extent that the Government then had to hand over the city of Karachi to the Armed forces. Not only that but then even the Prime Minister Nawaz Sharif as he was at that time, had to forego the support of 14 members of the National Assembly because according to him they were the terrorists. But however, sir, whatever be the case, my respectful submission is that this is the core issue. This is the national issue which we have to tackle. Sir, unfortunately, my observation is that this Government lacks the will, lacks the sagacity, lacks the valour to control the situation. They have been in office for over 8 months, but I can very openly ask the Government as to what concrete measures have they taken towards betterment of law and order situation in the country. In People's Party's time, Mr. Chairman, there was not much sectarian violence and now, we see that every now and then there is sectarian violence which was at that time or even in the first few months of Nawaz Sharif's Government confined to Punjab has now come down to a place like Karachi also which till now was totally secure from sectarian violence.

Sir, a national effort is to be made in this regard. I think my learned brother Senator Raza Rabbani gave a wrong figure by saying that the Supreme Court was informed that 250 murders had taken place. Sir, it is on record. It is

on record that the I.G. had informed the Supreme Court that over 800 murders had taken place from February, 17 till the end of July. Sir, it is a very serious matter, whether a Shia looses life or a Sunni looses life, whether a Sindhi looses or whether a Mohajir looses life or whether Punjabi looses life it is as precious as any other life. Now the time has come when the Government should come forward and give serious thought to the matter. So far as Pakistan Peoples Party's policy is concerned, from the day one since this Government has come into power, the People's Party has extended its cooperation to the Government. Even till today the People's Party has not created any problem for this Government and it is on record that the Chairperson Mohtarma Benazir Bhutto has repeatedly said that she would like this Government, the Goverment of Pakistan Muslim League to continue and to complete its term. Sir, under these circumstances, so far as we are concerned we shall not with-hold our support to this Government if it seriously comes forward ,seeks our help, not only our help but other segments of the society, other political parties to chalkout ways and means to control this problem, we shall come forward and surely give them full help because now the time has come when we should not be tackling this issue on partisanship basis. Unfortunately sir, when we tried to control the law and order situation and in which we suceeded, we are still sharing the blame. All sorts of blames, all sorts of curses are being showered on us that we committed extra-judicial murders, that we did this and we did that but however, I am happy to say that till today there has been no concrete example that we indulged in this.

Sir, my suggestion is that that the government has to come forward now, government has to fix priorities. Unless the priorities are not fixed and the government continues to act with haphazard manner that it has been doing till

now then this problem shall not be solved. After all what has happend in Binori town has really shocked the entire country. Whatever is happening in Punjab on sectarian bases has also shocked the entire country and time has come. Sir, when we have to put an end to this. Unless we put an end to this the economic situation is not going to improve. This govenment has been mainly proclaiming that because it has huge mandate, it is going to have solo flight and control everything. Sir it is not going to happen because a mandate can bring a party into power but mandate is not going to give wisdom to a government. It has to be a collective mandate and Sir in history the nations have come across situations where the partisan divide has to end and the whole nation has to comeforward and tackle a problem and I think a situation has to come to that end. One thing that the government is doing that at the behest or at the suggestion of donor agencies in the name of downsizing , in the name of improving the economic situation , in the name of saving as much money as possible is rendering thousands of people unemployed. Sir, this is very serious, the government is creating raw material, the fuel for further deterioration of law and order situation. It is all right sir, to say that many people have been selected on

سفارش

that many people have not been selected on merit. Fine Sir, but what is this, that people who have been in service for many years, for as many as ten years are being rendered unemployed. They are being removed from service on a massive scale. What will these people do Sir, when they are unemployed and in the present situation of inflation and in the present situation where prices are soaring high. When the people, because of law and order situation are not properly able to attend to their work, what will they do? Senator Zafarullah Khan Jamali very

correctly pointed out and that I also have the personal knowledge that it is very easy for an unemployed person to hire a Klashenkov, commit a robbery or dacoity and pull on for months and then go and join another gang.

Sir, that was the situation when Pakistan Peoples Party came into power. The situation in Sindh was such that the dacoits had given an advertisement in Sindhi Newspapers that if any one comes and join their gang they would be paid ten thousands and Sir, graduates and post-graduates had gone and joined the dacoits, that was the situation. Sir, we are going to face worse situation if some thing is not done promptly and properly. I entirely agree with the diagnoses of my brother Senator Shafqat Mehmood but there is much more to that also. He had given the broad factors of the malady. But there are many more, therefore, my earnest suggestion to the Government through you Sir, would be that the Government should not feel shy of contacting other parties. The Government should now come down and keep their "Khuddi" aside by saying that they have got massive mandate. Because they have come with a massive mandate Sir, they have been indulging in non-issues. Issues that they should not have been touching at all. But they have done it.

Mr. Presiding Officer: Please conclude now.

Mr. Hussain Shah Rashdi: Yes Sir, I am, just one minute. Therefore Mr. Chairman, first of all a high powered commission consisting of the members of the political parties and experts should be constituted who should go into the history of the deteriorating law and order situation in the country, suggest ways and means and then the Government, with the help of entire nation particularly with the parties which are in the opposition or those which are

Government's allies, should come forward, sit together, and tackle this situation as early as possible. Thank you very much.

Mr. Presiding Officer: Syed Masud Kausar.

ڈاکٹر صفدر علی عباسی: میرے خیال میں جو interest شام چھ بجے تھا غالباً آٹھ بج کر بیس منٹ ہو گئے ہیں وہ interest نہیں ہے۔ بہتر ہو گا کہ اس کو ہم اگلے دن پہ لے جائیں۔

Mr. Presiding Officer: This is up to the House.

Mr. Hussain Shah Rashdi: Sir, even otherwise there is no quorum.

ڈاکٹر صفدر علی عباسی: جناب میں point out نہیں کرنا چاہ رہا تھا لیکن بہتر یہ ہو گا کہ اس کو اگلے دن پہ لے جائیں۔

Mr. Hussain Shah Rashdi: Sir, there is no quorum and then there is lack of interest.

راجہ محمد ظفرالحق: یہ پھر آپ کی تقریر میں lack of interest تو نہیں ہونا چاہیئے تھا۔ لیکن یہ نامناسب ہوگا کہ گورنمنٹ کا view point آئے بغیر اس قسم کی حرکت ہو یہ مناسب نہیں ہے۔

جناب حسین شاہ راشدی: ناں حرکت ہم قطعاً نہیں کرنا چاہتے آپ کا view point ضرور سنیں گے اور وہ وہی ہو گا جو راجہ اورنگ زیب صاحب والا تھا۔ مگر بہرحال میں سمجھتا ہوں کہ اس کو اگر next private member day پر لیا جائے تو یہ اہم معاملہ ہے۔

راجہ محمد ظفرالحق: لیکن next private member day اگر نہ آئے تو پھر۔

جناب حسین شاہ راشدی: نہیں جناب انشاء اللہ آئے گا۔

راجہ محمد ظفرالحق: Next میں شاید نہ آسکے اسی ہفتے تک ہاؤس چلے گا۔ اس لئے تھوڑا سا صبر کرلیں۔ آپ کو ہم نے سنا ہے' ایک آدھ آدمی کو آپ بھی سن لیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ، صرف ایک ڈاکٹر عبدالحئی صاحب رہتے ہیں اور اس کے بعد منسٹر صاحب کی تقریر ہو جائے اور we would be disposing of the session مسعود کوثر صاحب۔

سید مسعود کوثر ، جناب چیئرمین! آپ کی بہت مہربانی کہ آپ نے مجھے آج کے اہم موضوع پر بولنے کی اجازت دی۔ جناب والا! میں یہ سمجھ رہا تھا کہ جس طرح آج اس طرف کے اور اس طرف سے اراکین نے law and order situation پر اپنی گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور جس طرح کہ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اس قوم کے سامنے جو ترجیحات ہیں امن عامہ کی صورت حال ایک انتہائی اہم حیثیت رکھتی ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ موجودہ حکومت غالباً قوم کی اس تشویش کو اپنی تشویش نہیں سمجھتی۔اور اس کا واضح ثبوت ہے جناب چیئرمین ، کہ باوجود اس کے کہ انہیں معلوم تھا آج اس ایوان میں law and order پر بحث کی جائے گی۔ مجھے نہایت افسوس ہے کہ وزیر صاحب اور ان کے محکمہ کے وہ تمام لوگ کہ جن کی ذمہ داری ہے کہ وہ لاء اینڈ آرڈر کے مسئلے پر قوم کے سامنے جواب دہ ہوں،انہوں نے اپنے آپ کو نہ اس ہاؤس کے سامنے جوابدہ سمجھا ہے اور نہ اس قوم کے سامنے اپنے آپ کو جواب دہ سمجھا ہے۔ اور ظاہر ہے جناب چیئرمین! جبکہ بھی حکومت کے سامنے امن عامہ کوئی خاص حیثیت نہ رکھے اور وہ اپنے آپ کو قوم کے سامنے جواب دہ نہ سمجھے تو میرے خیال میں اس مسئلے کا حل تلاش کرنا مجھے ناممکن نظر آتا ہے۔

جناب والا! ہم اس معاشرے میں کسی بھی سنگین مسئلے کو اس کی اپنی حیثیت میں دیکھنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ اور ہم معاشرے کے تمام عوام کو سامنے رکھ کر ، کسی مسئلے کو سامنے رکھ کر حل کرنے کی کوشش نہیں کرتے۔ آج اس ملک میں جو سنگین صورت حال ہے اس میں صرف لاء اینڈ آرڈر کی صورت حال ہی سنجیدہ اور تشویش ناک نہیں ہے بلکہ اور بھی ایسے عوام تشویش ناک صورت حال تک پہنچ چکے ہیں جس کی وجہ سے ہم یہ سمجھتے ہیں کہ صرف ایک نقص امن کا ہی معاملہ نہیں بلکہ اور معاملات بھی ہیں۔میں چیئرمین صاحب! ان باتوں کو دہرانا نہیں چاہتا جو اس طرف سے یا اس طرف سے کی گئی ہیں لیکن میں یہ ضرور عرض کرنا چاہوں گا کہ بعض مراحل پر قوموں کو سنجیدگی سے سوچنا پڑتا ہے کہ اپنے انفرادی مفادات کو قربان کر کے پارٹی کے تابع کیا جائے۔ کیونکہ بعض ایسے حالات پیدا ہوتے ہیں جہاں پر پارٹی کے مفادات کو بھی

پس پشت ڈال کر قومی مفادات کے متعلق سوچنا پڑتا ہے۔ آج یہ ایسی صورت حال اس ملک میں پیدا ہو گئی ہے' چاہے آپ اسے بیروزگاری کے حوالے سے دیکھیں ' چاہے آپ اسے مہنگائی کے حوالے سے دیکھیں' چاہے آپ اسے کرپشن کے حوالے سے دیکھیں' چاہے آپ اسے لاء اینڈ آرڈر situationکے حوالے سے دیکھیں' ہم یہ سمجھتے ہیں اتنی تشویش ناک صورت حال پاکستان کے حوالے سے اس قوم کے سامنے کسی گورنمنٹ میں نہیں تھی جوآج پیدا ہو چکی ہے۔ اور اس کے لئے ' میں سمجھتا ہوں قو م کو مشترکہ جدوجہد کرنی چاہئیے' قوم کو مشترکہ effort کرنی چاہئے۔ کیونکہ جیسے اس طرف سے ایک معزز رکن نے بڑی بے ساختگی سے کہا کہ یہ نواز شریف کے بس کی بات نہیں ہے۔ہم بھی یہی کہتے کہ ہمارے معزز رکن راجہ اورنگ زیب صاحب نےیہ بات کہی تھی 'اور بڑی صحیح کہی تھی کیونکہ ان کے دل سے یہ بات نکلی تھی اور ہم بھی یہ سمجھتے ہیں کہ جناب والا! ملک جن سنگین مشکلات سے اس وقت گزر رہا ہے وہ نہ تو موجودہ حکومت کے بس کی بات ہے اور نہ بالخصوص میاں نواز شریف کے بس کی بات ہے۔ تو ان مسائل کو کون حل کرے گا۔ ہمیں یہ کہا گیا کہ آ پ نے تعاون نہیں کیا۔ جناب والا! میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس موجودہ حکومت کے آنے کے بعد پاکستان پیپلز پارٹی نے اور محترمہ بینظیر بھٹو صاحبہ نے جس غیر مشروط تعاون کی' موجودہ حکومت کو پیش کش کی' شاید اس کی مثال پاکستان کی تاریخ میں پہلے کبھی نہیں ملی۔ لیکن ہم بڑے افسوس سے کہتے ہیں کہ اس تعاون کو شاید نظر انداز کیا گیا یا اتنا اسے ضروری نہیں سمجھا۔

آپ نے دیکھ لیا جناب والا! کہ بجائے یہ حکومت اس ملک کے اصلی مسائل کی طرف توجہ دیتی' اس کے اس ملک کی اکانومی کو درست کرنے کی طرف توجہ دیتی'بجائے اس کے کہ اس ملک کی unemployment کو درست کرنے کی طرف توجہ دیتی'بجائے اس کے کہ ملک میں لاء اینڈآرڈر کے مسئلے کی طرف توجہ دیتی' انہوں نے ابھی تک سوائے انتقامی کاروائیاں کرنے کے ' سوائے اپنے سیاسی مخالفوں کو ذک پہنچانے کے موجودہ حکوت کی اور کوئی contribution نہیں ہے۔ آپ مجھے کسی ایک شعبے میں اس حکومت کی بہتر کارکردگی بتائیں' اس ملک میں جو موجودہ معاشی صورت حال ہے کیا ان تمام زمانوں سے بد تر نہیں ہے' کیا اس ملک کے جو بیروزگاری کے مسائل ہیں کیا وہ پہلے سے بد تر نہیں ہیں' کیا جو یہاں امن عامہ کی صورت حال ہے وہ پہلے سے بدتر نہیں ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر ان حالات کو صرف آنکھیں بند کر کے کہا جائے

کہہر چیز ٹھیک ہے، ہر چیز درست ہے،میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ اس قوم کی ' اس ملک کی بڑی بد قسمتی ہے۔ جناب والا! میں بھی ان اور عوامل کے ساتھ ساتھ یہ محسوس کرتا ہوں کہ اس ملک کی ترجیحات میں سب سے پہلی ترجیح میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمارا جو بے ہنگم اضافہ آبادی میں ہے اس کو جب تک پوری قوم سنجیدگی سے اپنا ایک مسئلہ نہ سمجھے اس وقت تک نہ اس ملک کی اقتصادی صورت حال بہتر ہو سکتی ہے نہ اس ملک کا روزگار کا معاملہ درست ہو سکتا ہے ' نہ مہنگائی کا معاملہ بہتر ہوسکتا ہے نہ لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ ٹھیک ہو سکتا ہے۔ اس ملک کی جناب والا! 3.2 population growth ہے۔ اگرچہ سرکاری طور پر جو کچھ بھی کہا جائے definitely یہ تین پرسنٹ سے اوپر ہے۔ اور یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے جس ملک کا تین پرسنٹ یا تین پرسنٹ سے زیادہ کا population growth rate ہو' ہر بیس سال کے بعد اس کی آبادی ڈبل ہو جاتی ہے۔ جس وقت یہ پاکستان ہمارا ملک قائم ہوا تھا' اس وقت مغربی پاکستان جو آجکل کا پاکستان ہے اس وقت اس کی آبادی تقریباً سوا تین کروڑ تھی۔ آج سن دو ہزار میں اس کی آبادی پندرہ کروڑ ہونے والی ہے' پانچ گنا تقریباً اضافہ ہو گیا ہے اور آئندہ بیس سال میں اس کی تیس کروڑ اور ساٹھ کروڑ' اور اس نسبت سے آبادی بڑھتی جائے گی۔ آپ مجھے یہ بتائیں کہ دنیا کا کونسا ایسا ترقی یافتہ ملک ہے چاہے وہ آپ ایسٹ میں دیکھ لیں چاہے ویسٹ میں دیکھ لیں چاہے آپ ان ممالک کو دیکھ لیں جنہوں نے ہماری طرح سے ترقی کی ہے اور وہ ممالک جو آج یورپ میں ہیں کسی ملک کی آج جو بھی ترقی یافتہ ملک ہے ' ہمیں ان کو سٹڈی کرنا چاہئیے کہ یہ مسائل صرف پاکستان کی قسمت میں لکھے ہوئے ہیں یا مسائل کسی اور ملک کے بھی تھے۔ آج بنگلہ دیش جیسا ملک اس نے آبادی کو کنٹرول کرلیا ہے اور اپنی literacy rate کو وہ بڑھا رہا ہے۔

Mr. Presiding Officer:- Please try to conclude now.

Syed Masood Kausar:- Please about three minutes more.

Mr. Presiding Officer:- Conclusion is conclusion.

Syed Masood Kausar: OK, Sir, I conclude in couple of minutes.

اسی طریقے سے جناب میں یہ سمجھتا ہوں کہ تعلیم بھی با مقصد تعلیم ہونی چاہئیے اور جب تک اس ملک کے عام لوگوں کو تعلیم نہ دی جائے گی اور صرف چند لوگوں کو تعلیم دی جائے گی' مگر

اس ملک میں بدقسمتی یہ ہے کہ سب سے جو زیادہ کرائم ہیں وہ پڑھے لکھے لوگ کرتے ہیں جناب والا! آپ نے دیکھ لیا کہ اس ملک میں کتنے ان پڑھ لوگ ہوں گے وہ تو سمجھتے ہیں کہ بیورو کریسی جو ہے وہ تو اس ملک کے سب سے بڑے competition میں ٹاپ کر کے آئی ہے لیکن وہ ایجوکیشن جس میں کیریکٹر بلڈنگ نہ ہو وہ ایجوکیشن خطر ناک ہوتا ہے اور میرا اپنا یہ خیال ہے جناب والا! کہ اس ملک میں جو سفید پوش کرائم اور کریمینل ہیں ان کا بھی محاسبہ ہونا چاہئیے اور موجودہ حکومت نے میں یہ سمجھتا ہوں، کہ کوئی ایسا شعبہ نہیں ہے کہ جس میں کوئی بہتر کار کردگی کی ہو ان الفاظ کے ساتھ میں آخر میں یہی کہوں گا کہ اس ملک کا واحد اور ان تمام مسائل کا حل یہ ہے کہ اس ملک میں ایک قومی حکومت قائم کی جائے جس میں کہ تمام اس ملک کے جتنے بھی مقتدر ادارے ہیں اس قوم کو دوبارہ اکٹھے سر رکھ کر سر جوڑ کر اپنی قومی ترجیحات کو از سر نو مرتب کرنا چاہئیے چونکہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ جب تک قومی ترجیحات کو دوبارہ مرتب نہ کیا جائے اور تمام قوم اس کی پشت پناہی نہ کرے اس دلدل سے ان سنگین بحرانوں سے ہم چھٹکارہ حاصل نہیں کر سکتے ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ۔ سید قائم علی شاہ صاحب ۔

سید قائم علی شاہ ۔ جناب چیئرمین !یہ بہت ہی اہم مسئلہ ہے اس ملک کا جس کو کافی پہلے بھی debate کیا گیا ہے لیکن اس سے کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوتا جو تجاویز دی گئی ہیں پہلے یا دی جائیں گی ان سے استفادہ حکومت نہیں کر رہی ہے مجھے ایک مثال یاد آئی ہے اس پر راجہ صاحب بیٹھے ہیں اس لئے مجھے بھی یہ ہمت ہوئی کہ میں ایک مثال دوں ۔

ایک جنگل میں ایک بے چاری بکری کا چھوٹا بچہ، وہ ایک بڑا جنگل کا جو بادشاہ ہوتاہے اس طرح کا ایک جانور وہ لے کر چلا گیا اور دوسرا جنگل کا بادشاہ جو سب سے زیادہ بڑا ببر ہوتا ہے یہ بے چاری بکری بھاگ کر اس کے پاس گئی کہ جناب آپ اس جنگل کے بادشاہ ہیں آپ کا کامے کہ جو چھوٹے چھوٹے اور جانور ہیں جنگل کے ان کاتحفظ کریں ان کے جان و مال کا تحفظ کریں تو میرا بچہ یہ آپ کا ہمنوا اٹھا کر لے گیاہے اور جلدی کریں وہ مجھے واپس کرائیں نہیں تو وہ تو کھا جائے گا ،اس نے کہا اچھا میں جو بیٹھا ہوں میں کاہے کے لئے ہوں میں تو تحفظ کروں گا ضرور کروں گا وہ ایکدم اٹھا اور ایک درخت پر چڑھ گیا چڑھتے چڑھتے ادھر ادھر دیکھ

کر نیچے اترا پھر دوسرے بڑے درخت پر چڑھ گیا ادھر دیکھ کر پھر نیچے آ گیا سانس پھول گیا اور بیٹھ گیا اور بیٹھ کر وہ سانس گننے لگا تو بکری نے دیکھا کہ ایک درخت پر گیا اور پھر دوسرے درخت پر گیا اس نے پوچھا کہ جناب آپ کیا کر رہے ہیں آپ تو بادشاہ ہیں آپ تو تحفظ کرنے کے لئے اس جنگل میں بیٹھے ہیں تو میرے بچے کو تو وہ کھا جائے گا، تو کہنے لگا کہ اچھا ابھی تک نہیں ملا آپ کو یہ جو میں نے کوشش کی ابھی تک نہیں ملا ، پھر اس نے کہا کہ میں ابھی غور کرتا ہوں پھر ایک بڑے درخت پر گیا اس سے جمپ لگا کر دوسرے پر گیا گھوم گھام کر پھر نیچے آ گیا پھر اور سانس پھول گیا بکری نے کہا کہ یہ کیا کیا آپ نے میں تو آپ کو دیکھ رہی ہوں آپ تو اس کے پیچھے گئے ہی نہیں ہیں، تو اس نے کہا کہ دیکھا آپ نے بھی نہیں میں نے اتنی کوشش کی ہے اور اس سے زیادہ اور کیا کوشش کروں کہ میرا سانس پھول رہا ہے میرا دم نکل رہا ہے اور میں اتنے درختوں پر چڑھ گیا ہوں اس سے زیادہ اور کیسے تمہارا تحفظ کروں تمہارے بچے کا تحفظ کروں۔

تو جناب والا! یہ حکومت کی حالت ہے اور یہاں یہ کہتے ہیں کہ بہت کوشش کر رہے ہیں اور قوانین پاس کر رہے ہیں، یہ قانون پاس ہو گیا ہے، اس سے یہ فائدہ ہو گا۔ امن و امان ٹھیک ہو گیا ہے۔ جناب والا! صرف کہنے سے امن و امان ٹھیک نہیں ہوتا۔ جناب والا! حالات بہت خراب ہیں اور ان کو فکر ہونی چاہئیے کہ کیا حالات ہیں ۔ کراچی میں آئے دن قتل و غارت ہوتی ہے۔ بلا جواز قتل و غارت ہوتی ہے۔ جناب والا! لوگوں کو drill کیا جاتا ہے ۔ غریب، مسکین، بے گناہ اور محنت کش لوگوں کو drill کر کے پھانسی دی جاتی ہے۔ آپ تو کہہ رہے تھے کہ extra judicial killing ہو رہی ہیں۔ آپ اس کو کیا نام دیں گے۔ اس قسم کی killings کو کیا نام دیاجائے جہاں لوگوں کو drill کر کے اتنی بے دردی سے مارا جاتا ہے۔ اس تہذیب یافتہ اور ترقی یافتہ ملک میں اس طرح کی killings ہو رہی ہیں اور حکومت کو کوئی فکر نہیں ہے اور یہاں کوئی صاحبکہہ رہے تھے کہ پہلے سے امن و امان بہتر ہے اور یہ جو خراب صورت حال ہے وہ ان کے زمانے میں تھی اور ہمیں یہ ورثے میں ملی ہے ۔ جناب والا! اگر وراثت کی بات ہی چلتی رہے گی اور اس کا ازالہ کرنے کی بجائے اس پر توجہ نہ دی جائے تو پھر یہ امن و امان قائم نہیں کر سکتے۔ جناب والا ! میں سندھ کی بات کر رہا ہوں۔ 1991 میں جناب والا! صورت حال اتنی خراب تھی کہ اس وقت کے وزیر اعلیٰ صاحب نے کہا کہ یہ میرے بس کی بات نہیں ہے ۔آپ آئین کے

مطابق دیکھیں کہ کسی بھی حکومت کا یہ بنیادی فرض ہے کہ وہ عوام کی جان و مال کا تحفظ کرے۔ اس سے زیادہ اور کیا تیر ماریں گے ۔ کیا کریں گے جب عوام کی جان و مال کی حفاظت نہ کر سکیں تو پھر یہ ملک کی اقتصادی صورت حال کیا ٹھیک کریں گے اور کیا ملک کو ترقی کی طرف لے جا سکیں گے۔ تو میں عرض کر رہا تھا کہ 1991 کے اس وقت کے وزیر اعلیٰ نے دیکھا کہ امن و امان کی صورت حال خراب ہے۔ انہوں نے مرکز کو لکھ دیا کہ میں اور سب کچھ کر سکتا ہوں ، ادھر کا مال ادھر کر سکتا ہوں لیکن یہ کام مجھ سے نہیں ہو سکتا تو اس وقت کی مرکزی حکومت نے کہا کہ جناب! یہ کام ہم سے بھی نہیں ہو سکتا تو انہوں نے آرمی کو دے دیا کہ امن و امان کی صورت حال کو آرمی سنبھالے۔ تو خیر اس وقت آرمی نے امن و امان سنبھالا اور صورت حال بہتر ہوئی لیکن اس کے بعد یہ حقیقت ہے اور اس کو لوگ بھی مانتے ہیں اور میں بھی یہ سمجھتا ہوں ، ان کی حکومت کے کئی دوست بھی مانتے ہیں کہ 1993 کے بعد جب ہماری حکومت آئی تو اس میں امن و امان بہتر ہو گیا ۔ بے شک آپ figures اٹھا کر دیکھ لیں۔ میں کہتا ہوں کہ جولائی تک کوئی 4000 کے قریب کراچی میں incidents ہوئے ہیں' serious crimes ہوئے ہیں۔ قتل و غارت ، ڈکیتی اور کاروں کی چوریاں ہوئی ہیں ۔ آپ اخبار اٹھا کر دیکھیں۔ کم از کم ہر روز پچیس کاریں کراچی سے چوری ہوتی ہیں۔ تو جناب والا! میں یہ کہہ رہا تھا کہ بے شک یہ سوال کریں لیکن اخبار اٹھا کر دیکھیں کہ ان کی اخباریں کیا کہتی ہیں کہ کم از کم ہر روز پچیس کاریں چوری ہوتی ہیں اور اس کا کوئی نتیجہ نہیں نکلتا اور کوئی detection نہیں ہے اور نہ ہی وہ کاریں برآمد ہوتی ہیں ۔ بہت زیادہ قیمتی کاریں چوری ہوتی ہیں ۔ اب حال ہی میں کراچی کے ایک ایریا میں متواتر تین راتیں ڈکیتیاں ہوئیں اور لاکھوں کا مال اٹھایا گیا اور وہ بھی کلفٹن کے سیکٹر 6 میں سے ۔ جب پہلی ڈکیتی ہوئی اور وہاں کے پولیس آفیسر کو بتایا گیا تو انہوں نے کہا یہ کیسے ہو سکتا ہے ۔ وہاں کا صوبیدار کہتا ہے کہ یہ نہیں ہو سکتا تو انہوں نے گشت اور تیز کر دیا جیسے کہ میں نے پہلے مثال دی ۔ اس گشت کا نتیجہ یہ نکلا کہ دوسری رات اس کے نزدیک پھر ڈکیتی ہوئی ۔ اس کے بعد گشت اور تیز کردیا گیا ۔ تیسری رات اور بڑی ڈکیتی ہوئی ۔ جناب والا! یہ تو حالت ہے ۔ اگر اس طرح سے امن و امان کو کنٹرول کرنا ہے اور حالت کو بہتر کرنا ہے تو ان حالات سے صورت حال کیسے بہتر ہو سکتی ہے جبکہ حکومت کی پوری توجہ یہ ہے کہ اپوزیشن کے لوگوں کو کس طرح سے مسمار کرنا ہے۔ کس طرح سے ان کو ڈرائیں، کس طرح سے

ان کو گرفتار کریں، کس طرح سے ان پرتہمتیں لگائیں۔ یہ بار بار سینیٹرز لوگوں کو کہتے ہیں کہ باہر نہ جاؤ۔ ECL پر نام ہے ' یہ law of jungle ہے' یہ قانون ہے' کیا ہے۔ پھر کس طرح سے قانون کی عمل داری ہو گی۔ انہوں نے جناب یہاں پاس کرایا ' کہتے ہیں کہ جب سے Anti Terrorist Actبنایا ہے تو اس سے crime کم ہو گیا ہے۔ وزیر اعظم صاحب اُس کے بعد تیسرے دن قائداعظم کے مزار پر گئے وہاں انہوں نے تقریر کی ' تقریر کرنے کے بعد جیسے ہی وہاں سے نکلے پولیس نے فائرنگ کر دی۔ فائرنگ میں دو آدمی مر گئے ' ان میں خود ایک مسلم لیگ کا عہدے دار بھی تھا' انہوں نے شور کیا کہ پولیس نے مارا ہے' کس نے مارا ' کس نے مارا۔ آج تک کوئی پتا نہیں ان بیچاروں کا murder کس نے کیا۔ کس کھاتے میں گیا ۔ اس وقت یہ آپ پولیس کو اختیارات دے رہے ہیں۔

Mr. Presiding Officer: Please conclude now.

سید قائم علی شاہ۔ جناب conclude کیا کروں یہ ایسا subject ہے جس پر آدمی گھنٹوں بول سکتا ہے اور facts, figure کے ساتھ بول سکتا ہے۔میں نے جیسے کہا کہ کرائم کا کراچی میں جولائی تک کا یہ figure تھا اور ابھی پتا نہیں اس سے زیادہ کتنا ہو گیا ہے۔میں مرزا غالب صاحب کے اس شعر پر اکتفا کرتا ہوں کہ

زندگی اسی صورت سے گزری غالب
ہم بھی کیا یاد کریں گے خدا رکھتے ہیں۔

بہت بہت شکریہ۔

ڈاکٹر جمیل الدین عالی۔ جناب میں اس شعر کو درست کر دوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ جی عالی صاحب ضرور درست فرمایئے۔

ڈاکٹر جمیل الدین عالی۔ مرزا غالب کو پیدا ہوئے 27 دسمبر کو دوسو برس ہو جائیں گے۔ان کے functions وغیرہ ہو رہے ہیں ۔ UNESCO نے بھی ان کو اس ملک کے لئے قبول کر لیا ہے۔اگر یہ شعر درست ہو جائے ' شاہ صاحب آئندہ بھی غلط پڑھیں میں درست کرنے کے لئے موجود ہوں۔ لیکن شعر یہ ہے۔

زندگی اپنی جب اس شکل سے گزری غالب۔

ہم بھی کیا یاد کریں گے کہ خدا رکھتے ہیں۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر۔ جی ڈاکٹر عبدالحئی صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ جناب چیئرمین صاحب شکریہ۔ اگر آپ مجھے بولنے کا کچھ موقع دیں گے تو ٹھیک ہے اگر جلدی کرتے ہیں تو پھر بولنے کا فائدہ نہیں ہے۔ تھوڑا سا مجھے بولنے دیں یہ بہت اہم مسئلہ ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر۔ آپ بولیئے اس کے بعد بحث conclude ہونی ہے ، آپ کے بعد پھر منسٹر صاحب wind up کریں گے۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ آپ مجھے تھوڑا وقت فراہم کریں گے کوئی جلدی نہیں ہے اگر تھوڑی سی دیر بیٹھ گئے تو کوئی فرق نہیں پڑتا۔ جناب چیئرمین صاحب! حقیقت یہ ہے کہ امن و امان کا مسئلہ عام شہری کے لئے خاص طور پر نہتے شہریوں کے لئے ایک سنگین صورتحال پیدا کر رہا ہے۔ یہ اتنی مشکل صورتحال ہے جس سے آج پاکستان کے اندر جو نہتے اور عام شہری ہیں ان کو حقیقتاً روزگار کے مسئلے کے ساتھ ساتھ جو سب سے زیادہ مشکل پیش آ رہی ہے وہ انہیں باہر نکلنے کا مسئلہ درپیش ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ امن و امان کا مسئلہ صرف آج کا پیدا کردہ نہیں ہے ، میں اپنے آپ کو یہ کہنے میں حق بجانب سمجھوں گا کہ موجودہ حکومت اس کی ذمہ دار ہے یا پچھلی حکومت اس کی ذمہ دار ہے۔ میں ایک سیاسی کارکن کی حیثیت سے اس کو اس طرح سے دیکھتا ہوں کہ جب سے ہم نے 1979 ء میں بیرونی یا سرمایہ دار ممالک کے اشاروں پر افغانستان میں مداخلت کی ہے تب سے یہ مصیبت ہم نے اپنی گردن پر لے لی ہے ۔ اس مداخلت کی وجہ سے اب تک جو ہماری امن و امان کی صورتحال ہے روز بروز بدتر ہوتی جا رہی ہے ، ٹھیک نہیں ہو رہی ہے۔ میں اس کو اس طرح سے واضح کروں کہ لاکھوں غیر ملکیوں کی بشمول افغان مہاجرین کے اس ملک کے اندر موجودگی امن و امان کا سب سے بڑا خطرناک مسئلہ بنا ہوا ہے اور آج بھی میں یہ بات دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ ہمارے ملک کے کسی بھی بڑے شہر میں غیر ملکی یا یہ جو افغان مہاجرین ہیں یہ لوگ جرائم میں نوے فیصد ملوث ہیں ۔ اسلام آباد جو کہ ہمارا کیپیٹل ہے یہاں بھی اگر آپ تھانہ میں جا کر ریکارڈ دیکھیں تو آپ کو نوے فیصد جرائم پیشہ یہی لوگ ملیں گے۔ کوئٹہ میں یہی ملیں گے ، کراچی میں ملیں گے ، پشاور میں ملیں گے ،

لاہور میں ملیں گے۔ یہ بات کہتے ہوئے مجھے دکھ ہوتا ہے کہ ان کے لیے آدمی کا قتل کرنا بہت آسان کام ہے ' پانچ ہزار ' دس ہزار' بیس ہزار روپے میں کرنے کو تیار ہیں۔ جہاں یہ صورتحال ہو کہ چند سکوں کے عوض انسان کو قتل کرنا ایک عام روایت بن چکی ہو تو آپ خود بتائیں کہ اس امن و امان کو کیسے ٹھیک کریں گے۔

جناب والا! افغانستان میں مداخلت سے پہلے ہمارے ہاں دو نالیوں والی بندوق' پنجاب میں بہت مشکل سے اچھے کھاتے پیتے لوگ رکھتے تھے۔ اب تو راکٹ لانچر' کلاشنکوف کلچر عام ہے۔ پہلے ہم بد نام تھے بلوچستان اور فرنٹیئر والے۔ اب تو کراچی ' لاہور اور راولپنڈی میں اس کے انبار لگ گئے ہیں۔ یہاں پہلے تصور تک نہیں تھا۔ یہاں کے لوگ اتنے پیارے تھے کہ وہ ہتھیاروں سے دور تھے۔ صرف شکار کے لئے لائسنس لیتے تھے۔ پنجاب کے لوگ ہم بلوچستان والوں سے کہتے کہ بھئی ہمیں شکار کے لئے کوئی لائسنس دے دیں۔ اب تو راکٹ لانچر ' کلاشنکوف کلچر عام ہو گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکمران طبقہ' امراء طبقہ یا جاگیر دار' سرمایہ دار طبقہ ہے یا دولت مند طبقہ ہے ان کے پاس اسلحہ کے انبار ہیں۔ پرائیویٹ گارڈ لوگوں نے رکھے ہوئے ہیں۔ امن و امان کیسے ٹھیک ہوگا۔ جس ملک میں اتنی بڑی تعداد میں اسلحہ کا ریل پیل ہو' آزادانہ اسلحہ ہو ' تو وہاں کیسے امن و امان کو آپ بہتر کریں گے۔

سب سے بڑی اور تکلیف دہ بات یہ ہے کہ ہمارے ملک میں سب سے سستا اور ارزاں انسان کا خون ہے۔ انسان کا خون پاکستان میں سب سے سستا ہے اور باقی ساری چیزیں مہنگی ہیں ' روئی سے لے کر ادویات تک سب مہنگی ہیں مگر انسان کا خون سستا ہے۔ پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جہاں حکمران ' حکومت اپنی سب سے بڑی ذمہ داری ' جس کو کہتے ہیں جان و مال کی حفاظت ' وہ اس سے لاپرواہ ہیں۔ میں صرف اس حکومت پر الزام نہیں لگا رہا ہوں۔ یہ سلسلہ کافی عرصہ سے چل رہا ہے۔ ہمیں انسان کے اوپر کوئی رحم نہیں آتا۔ انسان ہمارے سامنے کوئی چیز نہیں ہے۔ عجیبی صورتحال ہے۔ آپ ترقی یافتہ ممالک میں جائیں تو ان کے لئے سب سے بڑا مسئلہ صرف ان کا اپنا شہری ہوتا ہے۔ شہری کی حفاظت اور شہری کا احترام۔ شہری کی عزت۔ یہاں پر شہری مذاق بنا ہوا ہے۔ اس کا کوئی پرسان حال نہیں ہے۔ اب تو صورتحال یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ دہشت گرد یا وہ جو قانون کو اپنے ہاتھ میں لیتے ہیں ان سے Law enforcing ایجنسیاں خوفزدہ ہیں۔ پولیس اور انتظامیہ خوفزدہ ہیں۔ آپ کا ملک واحد ملک ہے جہاں کوئی قانونی گواہی دینے کے

لئے تیار نہیں ہے۔ دن دیہاڑے اگر کوئی شہری لاہور شہر یا کوئٹہ' پشاور ' راولپنڈی میں مارا جائے تو کوئی بھی گواہی نہیں دے گا۔ کسی کو یہ جرات نہیں ہے کہ وہ گواہی دے۔ اس لئے نہیں دیتے کہ انکو پتہ ہے کہ یہ پھر نکل آئیں گے اور مجھے کلاشنکوف سے بھون دیں گے۔ عجیب تماشا ہے کہ جس ملک کے اندر سینکڑوں انسان دیکھتے ہیں اور دن دیہاڑے لوگ شہروں میں مارے جاتے ہیں۔ ہمسب دیکھ رہے ہیں کہ قانون کے سامنے گواہی کے لئے کوئی نہیں آتا ہے۔ ایک تو خوف و ہراسے اور دوسری ہماری قانونی پیچیدگیاں ایسی ہیں کہ ہر ایک گواہی سے ڈرتا ہے۔ آخر اس کی بھی گواہی کے لئے آنے اور جانے میں کھال اتر جاتی ہے۔

جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے سسٹم میں یہ خرابی ہے۔ ہماری داخلی اور خارجہ پالیسی ہمارے عوام کے مفاد میں نہیں ہیں۔ ہم یہاں پر ورلڈ بنک اور IMF کے کہنے پر چلتے ہیں۔ وہ ڈاؤن سائزنگ کا کہہ دیتے ہیں تو ہم کر دیتے ہیں۔ اپ سائزنگ کا کہہ دیں تو اپ سائزنگ۔ جو پالیسی وہ دیں ہم من و عن قبول کر لیتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ جب اس ملک کے ۱۴ کروڑ عوام کے نمائندے کوئی پالیسی نہ بنا سکیں اور ہم بیرون ملکوں کے لوگ 'جو چند سکے ہمیں دیتے ہیں اور قرضوں کے انبار تلے ہمیں دبائے جا رہے ہیں ' ہم ان کی مرضی پر چلیں گے تو ہمارے ہاں نہ امن و امان ہوگا اور نہ ہماری معیشت بہتر ہوگی۔ نہ ہم ایک خود مختار اور خود دار ملک کی حیثیت سے دنیاکے سامنے ٹھہر سکیں گے۔ اب تو ہم بھکاری بن گئے ہیں۔ ہمارے حکمران کہتے ہیں کہ کشکول توڑ دیں گے لیکن پھر اس کشکول کو زندہ کر دیتے ہیں۔ پھر کشکول ہاتھ میں ہے۔

جناب والا! اس طرح سے اس ملک کے اندر امن و امان قائم نہیں ہو سکتا۔ ظلم کی بات ہے کہ ہم ملک کے اندر اداروں کو مضبوط نہیں کرتے ہیں۔ ادارے مضبوط ہوں گے تو ملک کا نظام بہتر ہوگا۔ چاہے وہ پارلیمنٹ کا ادارہ ہو' چاہے انتظامیہ ہو' چاہے عدلیہ ہو' چاہے وہ پریس کی آزادی ہو' چاہے وہ الیکشن کمیشن ہو' معاشی ادارے ہوں' بنکنگ سسٹم ہو۔ ہمارے ہاں تو کچھ بھی نہیں ہے۔ ہم تو صرف ایڈھاک ازم پر چل رہے ہیں۔ ہر ایک آتا ہے جوڑ توڑ کر کولیشن بناتا ہے۔ پھر وہ کہتا ہے کہ میرے اتحادی ناراض ہو گئے ہیں۔ حکمران طبقہ ' حکمران پارٹی' یہ واحد ملک ہے جہاں وہ قانون سے بالا تر ہے۔ جو بھی ظالم جابر حکومت میں آ جاتا ہے وہ آزاد ہے۔ وہ قانون کو اپنی مرضی سے چلاتا ہے۔ تھانوں سے قیدیوں کو بھی نکالتا ہے۔ جھوٹے مقدمات بھی بناتا ہے۔ سب کچھ کرتا ہے۔ یہ عجیب تماشا ہے ۔ جو قانون پر عمل کرانے والے لوگ ہیں وہ سب سے پہلے

قانون کا احترام خود کریں۔ مگر یہاں پر الٹ ہے جو قانون نافذ کرنے والے ہیں جو حکمران طبقہ ہے سب سے زیادہ قانون کی دھجیاں وہ اڑاتے ہیں۔ وہ قانون کی مٹی پلید کرتے ہیں اور عام شہریوں سے توقع کرتے ہیں کہ وہ قانون پر عملدر آمد کریں۔

جناب والا! چند پوائنٹ میں نے بیٹھے بٹھائے نوٹ کئے ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ اس کے ایک ایک نقطے پر کچھ بات کروں۔ ایک تو سب سے بڑی بات میں سمجھتا ہوں کہ جو قانون کی مٹی پلید ہو رہی ہے یا یہاں پر بدامنی انتہا کو پہنچ چکی ہے۔ اس میں بدترین معاشی صورت حال سب سے نمبر ایک factor ہے لاکھوں کی تعداد میں بے روزگاری دوسرا فیکٹر ہے۔ اور یہاں چند ہزار خاندان جنہوں نے سارے ملک کی دولت پر ڈاکہ ڈالا ہوا ہے قبضہ کیا ہوا ہے ان کے اور have not کے درمیان بہت بڑا فرق ہے۔ ایک آدمی ارب پتی ہے کھرب پتی ہے اور ایک آدمی کو سوکھی روٹی نہیں ملتی۔ یہ بہت بڑا فرق ہے۔ چوتھا فیکٹر میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ملک کا حکمران طبقہ جیسا میں نے عرض کیا کہ وہ قانون سے بالا تر ہے۔ وہ رول آف لاء کو کچھ نہیں سمجھتا ہے وہ ہر چیز کو روند ڈالتا ہے۔ تمام اچھی روایات کی پامالی کی ذمہ دار اس ملک کے حکمران ہیں۔ عوام نہیں ہیں۔ عوام اچھے کردار کے مالک ہیں، اچھی روایات کے مالک ہیں۔ محنت کش عوام ہیں، خود دار عوام ہیں، پاکستان کے غیرتمند عوام ہیں لیکن حکمران ہر چیز کی مٹی پلید کرتے ہیں۔

پانچواں اس ملک کے اندر جیسے میں نے پہلے کہا کہ اداروں کو مستحکم کرنے کی بجائے انہیں برباد یا کمزور کرنے کی سازشیں ہو رہی ہیں۔ سیاست میں دہشت گردی اور دولت کے بل بوتے پر سیاست کا رجحان پنپ رہا ہے۔ فرقہ واریت اور مذہبی منافرت عروج پر ہے حکمران طبقہ بجائے اس کے کہ وہ عوام کو جوڑے۔ وہ جوڑنے کی بجائے عوام کے اندر غلط فہمیاں پیدا کرتے ہیں۔ بلوچستان کے عوام کو یہ تاثر دیتے ہیں کہ پنجاب کھا رہا ہے۔ پنجاب کے عوام کو کہتے ہیں کہ آپ محنت کر رہے ہیں اور آپ کو کچھ نہیں مل رہا ہے۔ یہ آپس میں عوام کو اکٹھے کرنے کی بجائے ان میں محبت پیدا کرنے کی بجائے ان کو دور رکھنے کی سازشیں کر رہے ہیں۔ لاکھوں غیر ملکی جو یہاں پر موجود ہیں میں سمجھتا ہوں، بشمول افغان مہاجرین جب تک ان کا انخلا نہیں ہوگا اس ملک کے اندر امن نہیں ہوگا۔ کیونکہ ان کو ہمارے ملک کے امن سے کیا تعلق ہے ان کو تو ہمیں برباد کرنے کے لئے یہاں بٹھایا ہوا ہے، ہمیں لوٹنے کے لئے یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں اور ہماری روایات کی پامالی کے لئے۔ عدلیہ کی مکمل آزادی اور پریس کی مکمل آزادی یہاں پر نہیں

ہے۔یہاں پر ورلڈ بنک اور آئی ایم ایف کے ڈکٹیشن پر عملدرآمد کی وجہ سے یہاں پر ملازموں کو نکالنے کی وجہ سے اور ڈاؤن سائزنگ کی وجہ سے پہلے سے موجود بے روزگاری میں ' جو برسرروزگار لوگ جائیں گے تو یہ ہتھیار اور کلاشنکوف ہاتھ میں لیں گے۔ یہ پھر مصیبت تمام عوام کے لئے پیدا کرینگے۔ مجرموں کا آزادنہ طور پر اس ملک میں پھرنا۔ میں آپ کو کیا بتاؤں کہ جو پکڑے جانے والے ہیں ان کی محفلوں میں آزادانہ طور پر دندناتے پھرتے ہیں۔ دس دس بیس قتل کے لوگ ہم سیاسی مصلحتوں کی بنیاد پر انہیں گرفتار نہیں کرتے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : تشریف رکھیں جناب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ : اخلاقی اقدار کی ناپائیداری' اسلحہ کا آزادانہ ریل پیل' کلاشنکوف کلچرل' ہیروئین کلچر کی موجودگی' جمہوری کلچرل کا فقدان' حزب اقتدار اور حزب اختلاف کے درمیان مثبت روایات کا فقدان۔ آبادی میں اضافہ' ناقص تعلیمی پالیسی کی وجہ سے ہماری افرادی قوت' ملک و قوم کی ضرورت کے مطابق ہم افرادی قوت پیدا نہیں کر رہے ہیں۔ ہم ٹیکنوکریٹ پیدا نہیں کر رہے ہیں۔ ہم سائنسدان' انجنیئر نہیں پیدا کر رہے ہیں بلکہ طبقاتی تعلیمی نظام کی وجہ سے ہماری تعلیم بیکار ہے۔ وہ ضرورتوں کے مطابق نہیں ہے۔ آخر میں میں یہ عرض کروں گا کہ یہ جو صورت حال ملک کے اندر موجود ہے یہ صرف حزب اقتدار کے بس میں نہیں ہے اس میں ہم سب کو تعاون کرنا چاہیئے۔ تمام حزب اختلاف کو تمام پارلیمنٹرین کو تمام سیاسی جماعتوں کو سب کو تعاون کرنا چاہیئے جب تک سب تعاون نہیں کریں گے ہم سب اس کے ذمہ دار ہیں۔ اکیلی حکومت ذمہ دار نہیں ہے۔ یہ بات ہر ایک اپنی گردن سے ٹال دیتا ہے۔ سب کی ذمہ داری ہے کہ اس ملک کو خوبصورت کرے۔ اس ملک کو امن کا گہوارہ بنائے اور اس ملک کے اندر رول آف لاء ہو اور ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ اس ملک کے عوام کے لئے good governance کی مثال قائم کریں۔

Mr. Presiding Officer: Thank you Hayee Sahib.

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ : تمام سیاسی جماعتوں سے میں اپیل کرتا ہوں کہ وہ دہشت گردی کی حوصلہ شکنی کریں اور اپنی صفوں سے اسلحہ والے لوگوں کو نکالیں۔ اگر جمہوریت کی بات کرتے ہیں' جمہوری کلچر کی بات کرتے ہیں تو اپنی صفوں میں بھی جمہوری اقدار پیدا کریں۔

Mr. Presiding Officer : Please take your seat. Minister Now.

Mr. Khalid Anwar:- As the honourable member rightly says that a great deal is to be said about this topic but time is passing and I would like to compress it whatever I have to say within the shortest possible time. We had the benefit of many thoughtful speeches this evening and I was pleased to note that many honourable Senators felt and I think rightly felt that it should not be considered to be a party, political issue. This is a national issue. It should be depoliticised. It should be viewed calmly, dispassionately and rationally. I would therefore, refrain from making any specifically political arguments and confined myself fundamentally to constructive and positive steps which are being taken by the Government in this context. Sir, in relation to terrorist activities , the Federal Interior Ministry has set up monitoring cell both at the provincial level for efficient transmission of sensitive information and coordination of the efforts of the various agencies. In addition, provincial government has also instituted effective monitoring mechanism for the fortnightly review of the progress in investigation, prosecution and disposal of cases against terrorists and militant organizations. Thirdly, intelligence coordination cells have been constituted under the Minister for Interior to regularly monitor the internal security situation. Fourthly, a campaign has been started to apprehend offenders involved in cases of murder, dacoity and robbery. Sir, you will be pleased to know more than five thousand proclaimed offenders under these categories have been retained or been prosecuted. Fifthly, Rangers, Frontier Corps and Coast Guards are making fool proof arrangement for effective checking of the flow of illicit weapons and drug trafficking from across the boarders. Sixthly, Special Courts have been constituted. Seventhly, district committees have been formed which again are regularly reviewing the internal

security situation. Eighthly, the morale of the police force has been raised by generous recognition of their good work, and for liberal awards for acts of heroes. Ninethly, personnel of armed forces are being refuted in the police and will be retained special forces in the police department. Tenthly, accelerated promotion is being given to honest and efficient officers of law enforcing agencies.

Sir, that is in relation of terrorist activities. In relation to sectarianism, specific steps have again been instituted, firstly, we have set up Intelligence Coordination Committees at the provincial level under the chairmanship of the respective Home Secretaries. These Committecs are coordinating with intelligence agencies. They are listing the top militants of the sectarian organizations concerned who are involved in syndicated crime. On the basis of these steps, police are mounting operations. Secondly, Sir, the Intelligence agencies have been asked to identify the sources of funds on the basis of which these sectarian organizations are functioning. Thirdly, Sir, on the plan of openingof peaceful, rationale dialogue between heads of different sects and effort is being -made to promote it actively by the government to try and bring about peace through a harmonious exchange of views and opinions. Sir, these efforts are being made also through the electronic media as an attempt to promote sectarian harmony. In addition, sir, a high-powered Standing Commissin has been constituted under the Minister for Religious affairs as Chairman, the Minister for Interior as a Co-Chairman and including many of the leading " Ulemas " as members. An additional step which has been taken is that in addition to the high-powered standing commission a provincial commission on sectarian peace is also being set up which also includes members of the" Ulema"and public representatives; going further down that is to say from the Federation to the Provincial , we have gone

further down to the district level and district committees on sectarian harmony have also been constituted.

Sir, I wouild like to dispel an impression which is sought to be created that is to say that sectarian killings have only started this year. I would like to present before you the relevant statistics.

The number of sectarian casualties, in the year 1993, was only 24. In the year 1994, under the Peoples Party Government it jumped to 144. In 1995, it was more static at 106. But in 1996, and this is very important indicators for purposes of comparison, it has risen to 226. In counter distinction, in the year 1997 upto the 31st of October, 1997, the figure is 202. It has actually fallen from the previous year. Sir, I do not say that 202 is a happy figure. It is also a high figure but we should recognize, we must understand that it is a socio problem, it is not a political problem. Its roots are to be found in religious disharmony and discort. It is very important that we as a nation, must take coordinated steps, we must endeavour as a nation to bring together different sects.

It is a matter of great sadness and shame for us that Islam which teaches the brotherhood of man, despite those teachings which are fundamental tenets of our religion, we find that prominent " Ulemas " are being executed, assassinated for no reason other than the fact that they hold certain beliefs. This is totally anemical hostile to the foundations of Islam. We do recognize, I think many honourable Senators on that side of the House also recognize that what is required is national endeavour to eradicate, once and for all, the roots of this violence which is destructive for our society. Thank you, sir.

Mr. Presidng Officer: With this we conclude our discussion and

item No.4 and now Raja Sahib do we adjourn for tomorrow.

Raja Muhammad Zafar-ul-Haq: Evening 4 O'clock.

Mr. Presiding Officer: So, the House is adjourned for tomorrow to meet at 4 PM.

(The House was then adjourned to meet four of the clock, in the evening, on Tuesday, the 11th November, 1997)